Registration No.3942
www.idealpakistannews.com
ABC CERTIFIED
DAILY IDEAL PAKISTAN
روزنامہ
آئیڈیل پاکستان
بانی: غلام مصطفیٰ جتوئی
ملتان
اسلام آباد
چیف ایڈیٹر: ساجد جتوئی 00923339233351
ایڈیٹر: ڈاکٹر بلال راؤ
جلد 14 | جمعۃ المبارک، 6 ستمبر 2024ء، یکم ربیع الاول 1446ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 296

وزیراعلیٰ مریم نواز نے سکول نیوٹریشن پروگرام کا افتتاح کر دیا

پاکستان ایک امیر ملک نہیں ہے اور ہمارے وسائل بہت تھوڑے ہیں لیکن اچھا وقت بھی آئے گا اور آ رہا ہے، صرف لاہور نہیں پورے پنجاب کا سوچتی ہوں، خواہش ہے

پنجاب کے تمام اسکولوں میں بچوں کو مکمل کھانا فراہم کریں اور ان کو وہ تمام سہولیات دی جائیں جو پرائیویٹ اسکولوں میں بچوں کو حاصل ہیں، وزیراعلیٰ پنجاب کا ڈیرہ غازی خان میں اسکول نیوٹریشن پروگرام کی تقریب سے خطاب

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لاہور (اے ایف بی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ نواز شریف کے ویژن سے مہنگائی میں کمی آئی ہے، پاکستان ایک امیر ملک نہیں ہے اور ہمارے وسائل بہت تھوڑے ہیں لیکن اچھا وقت بھی آئے گا اور آ رہا ہے، خواہش ہے پنجاب کے تمام اسکولوں میں بچوں کو مکمل کھانا فراہم کریں اور ان کو وہ تمام سہولیات دی جائیں جو پرائیویٹ اسکولوں میں بچوں کو حاصل ہیں۔ ان خیالات کا اظہار (بقیہ نمبر 31)

یوم دفاع وشہداء پاکستان (آج) ملی جوش و جذبے سے منایا جائے گا

نماز فجر کے بعد ملک و قوم کی سلامتی، خوشحالی اور استحاد کے لئے دعائیں مانگی جائیں گی

دن کا آغاز وفاقی دارالحکومت میں 31 اور صوبائی دارالحکومتوں میں 21،21 توپوں کی سلامی سے ہوگا

لاہور (این این آئی) ملک بھر میں یوم دفاع وشہداء پاکستان آج 6 ستمبر (جمعہ) کو ملی جوش و جذبے سے منایا جائے گا۔ نماز فجر کے بعد ملک و قوم کی سلامتی، خوشحالی اور اتحاد کے لئے دعائیں مانگی جائیں گی۔ دن کا آغاز وفاقی دارالحکومت میں 31 اور (بقیہ نمبر 32)

ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان کا یوم دفاع پاکستان کے موقع پر پیغام

دشمن ملک کی افواج نے 6 ستمبر کو بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی کرتے ہوئے آدھی رات کو مملکت پاکستان پر حملہ کر دیا تھا

افواج پاکستان اور قوم نے 1965 کے جذبہ کے تحت آئندہ بھی مادر وطن کی حفاظت کیلئے کوئی کسر نہیں اٹھا رکھیں گے



اسلام آباد (نمائندہ آئیڈیل پاکستان) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان نے کہا کہ 6 ستمبر افواج پاکستان کی قومی جرات و بہادری کا دن ہے۔ دشمن ملک کی افواج نے 6 ستمبر کو بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی کرتے ہوئے آدھی رات کو مملکت پاکستان پر حملہ کر دیا تھا۔ افواج پاکستان اور بہادر عوام نے ملک کے تحفظ و آزادی کے لئے اپنی جانوں کی پروا کیے بغیر بھارتی افواج کا ڈٹ کر مقابلہ کیا اور دشمن ملک کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا دیا۔ یوم دفاع پاکستان کا منایا جانا دراصل دشمن قوتوں کیلئے اس پیغام کا اعادہ ہے کہ افواج پاکستان اور قوم نے 1965 اور 1971 کی جنگ اور ملک میں دہشت گردی کے خلاف جس عزم اور جرات کا مظاہرہ کیا آئندہ بھی اپنے مادر وطن کی حفاظت کیلئے کوئی کسر نہیں اٹھا رکھیں گے۔ ہم سب مل کر قومی مسائل کا مقابلہ بانی پاکستان محمد علی جناح کے رہنما اصولوں ایمان، اتحاد اور تنظیم پر کاربند رہ کر سرانجام دیں گے۔ آئیے مل کر محنت اور لگن سے ملک کی ترقی و خوشحالی میں اپنا اپنا کردار ادا کریں۔ موجودہ حکومت پاکستان کے دفاع کو ناقابل تسخیر بنانے کے لئے بھرپور اقدامات اٹھا رہی ہے حکومت کی پالیسیوں کی بدولت ملک کے حالات میں نمایاں بہتری دیکھنے میں آ رہی ہے وہ وقت دور نہیں جب وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف اور سابق وزیراعظم پاکستان میاں محمد نواز شریف کی قیادت میں پاکستان کو درپیش چیلنجوں اور مسائل کو حل کر لیا جائے گا۔ وزیراعظم پاکستان کی کوشش ہے کہ پاکستان کو جلد از جلد ترقی کی راہ کی جانب گامزن کیا سکے۔ ملک کے معاشی حالات کی بہتری کے لئے وزیراعظم پاکستان متعدد اقدامات اٹھا رہے ہیں جن کی بدولت جلد ہی ملک و قوم کی حالات میں بہتری دیکھنے میں نظر آئے گی۔

فیض حمید نے سیاسی عناصر کی ایما پر ذاتی مقاصد کیلئے آئینی حدود سے تجاوز کیا، ڈی جی آئی ایس پی آر

فوج کو سیاست میں گھسیٹنے کی کوشش نہ کی جائے

جنرل فیض نے ذاتی فائدے کیلئے مخصوص سیاسی عناصر کی ایماء پر قانونی و آئینی حدود سے تجاوز کیا، پاکستان آرمی ایکٹ کی خلاف ورزیاں ثابت ہونے پر فیلڈ مارشل کارروائیوں کا آغاز کیا گیا ہے، کیس میں جو ملوث ہوا خواہ عہدہ، حیثیت کوئی بھی ہو کارروائی کی جائیگی

آخری خارجی اور دہشت گرد کے خاتمے تک جنگ جاری رہے گی، شہریوں کے جان و مال اور ترقی کے دشمنوں سے ریاست آہنی ہاتھوں سے نمٹے گی، دہشتگردوں کو پیغام ہے عام شہریوں کو کیوں نشانہ بناتے ہو! ہمت ہے تو ہم سے مقابلہ کرو، ڈی جی آئی ایس پی آر کی پریس کانفرنس

راولپنڈی (انٹرنیوز) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے واضح کیا ہے کہ پاک آرمی کا کوئی سیاسی ایجنڈا ہے نہ یہ کسی سیاسی جماعت کی مخالف ہے، جنرل فیض حمید نے ذاتی فائدے کیلئے مخصوص سیاسی عناصر کی ایماء پر قانونی و آئینی حدود سے تجاوز کیا، پاکستان آرمی ایکٹ کی خلاف ورزیاں ثابت ہونے پر ان کیخلاف فیلڈ مارشل کارروائیوں کا آغاز کیا گیا ہے، کیس میں جو ملوث ہوا خواہ عہدہ حیثیت کوئی بھی ہو، کارروائی کی (بقیہ نمبر 55)

پوری امت مسلمہ کو یکم ربیع الاول مبارک ہو، شہنیلہ خانزادہ

رحمتوں کا مہینہ اور درود شریف پڑھ کر سرکار کی ولادت کا جشن منائیں۔ دعائیں کریں کہ فلسطین پر ظلم ڈھانے والے نیست و نابود ہوں

عالم اسلام نبی اکرم ﷺ کے وسیلے سے خصوصی دعائیں کریں۔ جہاں جہاں مسلمان کمزور ہیں مضبوط ہوں۔ دہشت گردوں سے اللہ ہم سب کو محفوظ کرے



کراچی (بیورو رپورٹ) سرپرست اعلیٰ AIM، سماجی رہنما، شہنیلہ خانزادہ نے کہا ہے کہ پوری امت مسلمہ کو یکم ربیع الاول مبارک ہو۔ رحمتوں کا مہینہ اور درود شریف پڑھ کر سرکار کی ولادت کا جشن منائیں۔ دعائیں کریں کہ فلسطین پر ظلم ڈھانے والے نیست و نابود ہوں۔ عالم اسلام نبی اکرم ﷺ کے وسیلے سے خصوصی دعائیں کریں۔ جہاں جہاں مسلمان کمزور ہیں مضبوط ہوں۔ دہشت گردوں سے اللہ ہم سب کو محفوظ کرے۔ افواج پاکستان کو اللہ قدم قدم پر کامیابی دے۔ ربیع الاول کا آغاز یوم دفاع پاکستان سے ہو رہا ہے۔ اللہ مبارک کرے۔ انہوں نے کہا کہ ہم محفل میلاد کی محفلیں منعقد کریں گے۔ اللہ کے حضور غزہ کے مسلمانوں کے لئے مدد مانگیں۔ نبی اکرم ﷺ کی شفاعت کے لئے دعا گو ہوں۔ ہماری محسن انسانیت ﷺ کے راستے پر چلنے سے ہی اللہ ہم پر مہربان ہوگا۔ ملک بحران سے نکلے گا۔

Zeekr001 برانڈ نیو کار ایک پریمیم آل الیکٹرک شوٹنگ بریک کار ہے

جواب دوبئی پولیس کے بیڑے کا حصہ ہے اور جدید قانون نافذ کرنے والوں کے لیے مثالی اعلیٰ صلاحیتوں کی حامل ہے، قائم مقام ڈائریکٹر بریگیڈیئر جمعہ سالم بن سویدان

بریگیڈیئر بن سویدان نے اس تیز ترین کار کی صلاحیت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ یہ راکٹ کار نئی گشت ٹریفک کا انتظام کرے گی

بالآخر ہمارا نصب العین ہے کہ یو اے ای کے وسیع میدان میں پولیس کی نمائش کو مثبت پیمانے پر حد درجہ بڑھا کر پولیس فورس پر عوام الناس کا اعتماد مضبوط کرنا ہے

یہ گشت کرنے والی کاریں دوبئی میں پولیس اور ٹریفک خدمات کے معیار کو نمایاں طور پر بہتر کرنے کے ساتھ عوام کو اعلیٰ ترین خدمات بھی فراہم کرے گا

دوبئی (عارف محمود قریشی اوورسیز بیورو چیف) جنرل ڈائریکٹوریٹ آف ٹریفک پولیس دوبئی کے قائم مقام ڈائریکٹر بریگیڈیئر جمعہ سالم بن سویدان نے آروستامانی گروپ زیکر کے منیجر رابرٹو لوچی، ہیثم الباوب مشرق وسطیٰ اور شمالی افریقہ کے لیے مارکیٹنگ ڈائریکٹر، احمد شہاب الدین اسٹریٹجک پروڈکٹ منیجر، روہاشے آئی ڈیجیٹل مارکیٹنگ منیجر اور ڈولسی سیمان مارکیٹنگ ڈائریکٹر کی موجودگی میں باضابطہ طور پر Zeekr 001 برانڈ نیو کار وصول کی ہے۔ یہ ایک پریمیم آل الیکٹرک شوٹنگ بریک کار ہے جو اب دوبئی پولیس کے بیڑے کا حصہ ہے اور جدید قانون نافذ کرنے والوں کے لیے مثالی اعلیٰ صلاحیتوں کی حامل ہے۔ یہ کار 544 ہارس پاور اور 0 سے 100 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار صرف تین سے آٹھ سیکنڈ میں طے کرتی ہوئی تیز ترین صلاحیت کے ساتھ اعلیٰ چستی، استحکام اور شاندار کنٹرول فراہم کرتی ہے۔ بریگیڈیئر بن سویدان نے اس تیز ترین کار کی صلاحیت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ یہ راکٹ کار نئی گشت ٹریفک کا انتظام کرے گی اور سیاحتی علاقوں اور امارات کے دیگر مقامات پر پولیس کی موجودگی کو تقویت دے گا۔ انہوں نے وضاحت کی کہ ان نئی گشت کرنے والی گاڑیوں کا تعارف دوبئی پولیس کے جدید ترین سمارٹ سسٹمز اور اے آئی ٹیکنالوجی سے لیس جدید ترین گاڑیوں کو استعمال کرنے کے عزم کا حصہ ہے جس سے ٹریفک مینجمنٹ اور سیکیورٹی آپریشنز دونوں میں اضافہ ہوتا ہے۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ یہ گشت کرنے والی کاریں دوبئی میں پولیس اور ٹریفک خدمات کے معیار کو نمایاں طور پر بہتر کرنے کے ساتھ عوام کو اعلیٰ ترین خدمات بھی فراہم کرے گا۔ نئی گاڑیاں پولیس کے گشت میں ایک ارتقاء کی نمائندگی کر کے متحدہ عرب امارات کے تمام علاقوں کا احاطہ کرتی ہیں۔ ان کا بنیادی مقصد ردعمل کے اوقات کو بہتر بنانا اور واقعات کی تیزی سے آمد کو یقینی بنانا ہے۔ بریگیڈیئر بن سویدان نے مزید کہا کہ بالآخر ہمارا نصب العین ہے کہ یو اے ای کے وسیع میدان میں پولیس کی نمائش کو مثبت پیمانے پر حد درجہ بڑھا کر پولیس فورس پر عوام الناس کا اعتماد مضبوط کرنا ہے۔ یہ اقدام دوبئی پولیس کے اختراعی منصوبوں اور مستقبل پر مبنی پروگراموں کو نافذ کرنے کی جاری کوششوں سے ہم آہنگ ہے۔ بن سویدان نے دوبئی پولیس اور زیکر کے درمیان تعاون کی بھی تعریف کی ہے جو عوامی اور نجی شعبوں کے درمیان ادارہ جاتی ہم آہنگی کو یقینی بناتے ہوئے قیادت کے پروگراموں اور سرگرمیوں کی حمایت کرتا ہے۔ انہوں نے اس بات کی بھی واضح طور پر تصدیق کی ہے کہ دوبئی پولیس نجی شعبے کے ساتھ شراکت داری قائم کرنے کے لیے پرعزم ہے جس سے جاری تعاون حکومت کے مثبت رابطے کو فروغ دینے کے ویژن کی عکاسی کرتا ہے اور مشترکہ اقدامات اور سماجی ذمہ داری کی کوششوں کو عملی جامہ پہنانے کے لیے مطلوبہ انضمام جو دوبئی کی نمایاں تصویر اور دونوں حکومتوں کے اہم کردار سٹریٹجک مقاصد کے حصول میں نجی شعبے کو ظاہر کرتا ہے۔

ٹی ایم سی کی مشنری سے 50 سال پرانی عمارت مسمار کر دی گئی

دس لاکھ کی رشوت کی طلبی اور نہ دینے پر رفاہی پلاٹوں کی آڑ میں سی آئی زون کے پلاٹ مسمار کرنے کی مذمت کرتے ہیں

سرکاری اداروں کی اچھے کاموں میں معاونت ہیں لیکن نالوں پر قبضوں، ٹی ایم سی ملازمین کا لیزیں طلب کرنا اور انہیں جعلی قرار دینا رشوت ملنے پر اوکے کرنا

میئر کراچی کی آنکھیں کھولنے کے لئے کافی ہے کہ مذموم مہم کے تحت مہم چلا کر کے ایم سی کو کروڑوں روپے کے ریونیو سے محروم کیا جا رہا ہے۔ ابرار احمد صدیقی چیئرمین اینٹی کرائم



کراچی (ڈسٹرکٹ رپورٹر) چیئرمین اینٹی کرائم فار ہیومن رائٹس آرگنائزیشن کے چیئرمین ابرار احمد صدیقی نے کہا ہے کہ دس لاکھ کی رشوت کی طلبی اور نہ دینے پر رفاہی پلاٹوں کی آڑ میں سی آئی زون کے پلاٹ مسمار کرنے کی مذمت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اورنگی میں تجاوزات کے خلاف آپریشن متنازعہ ہو گیا ہے۔ مالک عابد پیرزادہ کا کے ایم سی ٹی ایم سی کا دس لاکھ رشوت نہ ملنے پر آپریشن پر عدالت جانے کے اعلان پر انکے ساتھ ہیں۔ ٹی ایم سی اورنگی نے حدود سے تجاوز کرتے ہوئے کے ایم سی کو بائی پاس کیا۔ چیئرمین اورنگی ٹاؤن قبضہ مافیا کے سہولت کار ہمیشہ سے تھے اور اب کھل کر سامنے آ گئے ہیں۔ ہم کسی بھی کرپشن پر خاموش نہیں رہیں گے۔ اگر سی آئی زون کے پلاٹ تھے رفاہی نہیں تھے تو کیاں مسمار کئے گئے۔ اگر گزشتہ پچاس سال سے عمارت موجود تھی۔ تو نوٹس دیئے بغیر کیوں توڑی گئی؟ اورنگی میں TMC نے غدر مچا رکھا ہے، KMC کو کام کرنے کی اجازت نہیں۔ کوئی قانون جتائے تو میئر سمیت سب کو مغلظات بک کر چیئرمین کہتے ہیں کہ میری چلے گی میرے بغیر کوئی کام نہیں ہوگا۔ امتیاز بٹ میرا آدمی ہے۔ بڑے بڑے پی ڈی نہیں ٹک سکے۔ کئی کے کیریئر ختم کر دیئے اگر میرے بغیر اجازت کے بغیر کام کیا تو میئر بھی نہیں بچا سکے گا۔ یہ زبان میئر کے لئے بھی سوچ طلب ہے کیا اورنگی میں کے ایم سی کی کوئی رٹ نہیں۔ یوسی ڈی کی کمرشل تعمیرات سابق (بقیہ نمبر 33)

کروڑوں روپے مالیت کی منشیات برآمد، رشوت کی پیشکش مسترد

گزشتہ دو ماہ کے قلیل عرصے کے دوران 426 مقدمات درج جبکہ کروڑوں روپے کی ہائی کوالٹی منشیات برآمد

خانیوال پولیس نوجوان نسل کو منشیات فروشوں کے جبڑوں سے نکالنے کیلئے لنگوٹ کس کر میدان میں آ گئی ہے

مافیا کو میڈیا پولیس اور سیاست دانوں کی صف میں چھپی کالی بھیڑوں کی پشت پناہی حاصل تھی

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) خانیوال پولیس نوجوان نسل کو منشیات فروشوں کے جبڑوں سے نکالنے کیلئے لنگوٹ کس کر میدان میں آ گئی ہے کروڑوں روپے مالیت کی منشیات پکڑ لی کروڑوں روپے رشوت کی پیشکش مسترد ڈی پی او خانیوال نے ضمیر کا سودا کرنے سے انکار کر دیا ہے۔ "آپریشن نو ڈرگ" مہم پر تیزی سے عمل درامد جاری ہے۔ حیران کن نتائج سامنے آ رہے ہیں 2 ماہ کے دوران خانیوال پولیس کا انٹیلی جنس شیئرنگ کی بنیاد پر منشیات فروشی میں ملوث افراد کے خلاف آپریشن کا سلسلہ جاری خبریں نے ڈیٹا ڈھونڈ نکالا۔ گزشتہ دو ماہ کے قلیل عرصے کے دوران 426 مقدمات درج جبکہ کروڑوں روپے کی ہائی کوالٹی منشیات برآمد ملکی تاریخ میں پہلی مرتبہ خانیوال میں 426 منشیات فروش گرفتار مجموعی طور پر 362 کلو چرس 13 کلو ہیروئن اور 5814 لیٹر شراب برامد کچی شراب 2208 لیٹر افیون (بقیہ نمبر 34)

اسمبلی سیکرٹریٹ کے ترقی پانے والے ملازمین کو مبارکباد

اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کا قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کے ملازمین سے خطاب

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کا قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کے ملازمین سے خطاب اسپیکر کی قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کے حالیہ دنوں میں ترقی پانے والے ملازمین کو مبارکباد۔ قوانین کے مطابق جسکا جو حق بنتا تھا اسے دیا گیا ہے، اسپیکر قومی اسمبلی تمام ترقیاں قوانین اور کے قواعد و ضوابط کے تحت عمل میں لائی گئی ہیں، اسپیکر (بقیہ نمبر 24)

اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کا قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کے ترقی پانے والے ملازمین کے ہمراہ گروپ فوٹو

وزیر داخلہ کا شہید فوجی جوان کے فیملی سربراہ کی درخواست پر نوٹس

وفاقی وزیر داخلہ سید محسن نقوی کو خانیوال کی فوجی شہید فیملی کے فرد سید ثاقب نقوی نے درخواست بھیجی، ترجمان وزارت داخلہ

ڈی ایس پی صدر خانیوال چوہدری عبدالکریم نے شہری کو آج (جمعہ) اپنے دفتر میں ملاقات کے لیے طلب کر لیا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر داخلہ سید محسن نقوی نے خانیوال کی فوجی شہید فیملی یہ سربراہ کی درخواست پر سخت نوٹس لیتے ہیں مزید کاروائی کے لیے ائی جی پنجاب کو احکامات جاری کر دیے جبکہ ڈی ایس پی صدر خانیوال چوھدری عبدالکریم نے شہری کو اج (جمعہ) اپنے دفتر میں ملاقات کے لیے طلب کر لیا۔ ترجمان وزارت داخلہ کے مطابق وفاقی وزیر داخلہ سید محسن نقوی کو خانیوال کی فوجی شہید فیملی کے فرد سید ثاقب نقوی نے درخواست بھیجی اور اپنے مسائل سے اگاہ کیا جس پر نوٹس لیتے ہوئے سید محسن نقوی نے ائی جی پنجاب کو مزید کاروائی کے لیے احکامات جاری کیے ذرائع کے مطابق ائی جی پنجاب نے معاملہ خانیوال بھجوا دیا اج جمعہ کو دی ایس پی صدر درخواست گزار سے ملاقات کرینگے اور شکایت کا جائزہ لینگے۔

پی ٹی آئی کو 8 ستمبر جلسے کیلئے این او سی جاری

نوٹیفکیشن میں 41 مختلف شرائط بھی عائد، ضلعی انتظامیہ کی جانب سے باضابطہ روٹ پلان بھی جاری کر دیا گیا

نوٹیفکیشن اجازت صرف 8 ستمبر کے لیے ہے منتظمین اسی رات کارکنان کی واپسی یقینی بنائیں گے

اسلام آباد (نمائندہ آئیڈیل پاکستان) ضلعی انتظامیہ اسلام آباد کی جانب سے پی ٹی آئی کو 8 ستمبر جلسے کے لیے این او سی جاری ضلعی انتظامیہ کی جانب سے نوٹیفکیشن میں 41 مختلف شرائط بھی عائد ضلعی انتظامیہ کی جانب سے باضابطہ روٹ پلان بھی جاری کر دیا گیا خیبر پختونخواہ، پنجاب سے بذریعہ موٹروے آنے والوں کے الگ نقشہ جاری پنجاب سے بذریعہ جی ٹی روڈ آنے والے کارکنان کے لیے الگ روٹ جاری اسلام آباد، راولپنڈی، مری کے لیے بھی الگ الگ روٹ پلان جاری دوران جلسہ شہریوں کے بنیادی حقوق کا تحفظ یقینی بنایا جائے گا، نوٹیفکیشن جلسے کا آغاز 4 بجے جبکہ اختتام شام 7 بجے تک ہوگا، نوٹیفکیشن جلسے کی اجازت ہوگی تا کہ کسی قسم کے دھرنے کی اجازت نہ ہوگی، نوٹیفکیشن اجازت صرف 8 ستمبر کے لیے ہے منتظمین اسی رات کارکنان کی واپسی یقینی بنائیں گے، نوٹیفکیشن آرگنائزر جلسے کی انٹرنل سیکورٹی کے ذمہ دار ہونگے، نوٹیفکیشن ریاست مخالف یا مذہبی منافرت پر مبنی تقاریر یا نعروں کی اجازت نہ ہوگی۔

ایس ایچ او جتوئی انظر سکھیرا کی جھگی والا میں کھلی کچہری کا انعقاد

جھگی والا مرکزی انجمن تاجران علاقائی مسائل ان کی دہلیز پر حل کرنے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مزید کارروائی کی یقین دہانی

انظر سکھیرا کی تعیناتی میں جرائم پیشہ عناصر میں کمی ہوئی ہے، چوکی میروالا کی حدود میں گشت کا دائرہ وسیع کر دیا ہے

صدر انجمن تاجران جھگی والا کے صدر ملک محمد سلیم ڈوگر ایڈووکیٹ مرکزی انجمن تاجران جھگی والا بانی و چیئرمین پریس کلب جھگی والا خاور عباس جتوئی

ایس ایچ او جتوئی انظر سکھیرا کی جھگی والا میں کھلی کچہری کا پروگرام منعقد جس میں انجمن تاجران جھگی والا، سول سوسائٹی، صحافی برادری کے لوگ شامل تھے

جتوئی (نمائندہ آئیڈیل پاکستان) ایس ایچ او جتوئی انظر سکھیرا کی جھگی والا میں کھلی کچہری کا انعقاد جھگی والا مرکزی انجمن تاجران علاقائی مسائل ان کی دہلیز پر حل کرنے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مذید کارروائی کی یقین دہانی اس موقع پر ایڈووکیٹ محمد علی ڈوگر چیرمین تحریک بقاء انسانیت کا کہنا تھا کہ تحصیل جتوئی کی سب سے بڑی یونین کونسل میں جرائم دن بدن بڑھتے جا رہے ہیں ان کو ختم کرنے کے لیے بہتر سے بہتر اقدامات کیے جائیں جرائم کے کنٹرول کیلئے ضروری ہے کہ پولیس چوکی میروالہ کو گاڑی مہیا کی جائے اور گشت بڑھایا جائے، اس موقع پر صدر انجمن تاجران جھگی والا کے صدر ملک محمد سلیم (بقیہ نمبر 35)

بہاولپور میں مکان کی چھت گرنے سے 2 افراد جاں بحق

جاں بحق ہونے والوں میں ماں اور بیٹا شامل، 3 شدید زخمی ہو گئے

بہاولپور (این این آئی) بہاولپور میں مکان کی چھت گرنے سے 2 افراد جاں بحق ہو گئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق بہاولپور میں پرانا عباسیہ کے علاقے میں خستہ حال مکان کی چھت گر گئی جس کے نتیجے میں 2 افراد جاں بحق جبکہ 3 شدید زخمی ہو گئے، جاں بحق ہونے والوں میں ماں اور بیٹا شامل ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ مکان میں ایک غریب فیملی رہائش پذیر تھی، جاں بحق افراد کی نعشوں اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔

صدر لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کاشف انور قومی سیرت النبی کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

گرڈ سٹیشنوں پر حملے کرنے والوں کیخلاف FIR درج کی جائے

اگر مقامی پولیس کارروائی سے کتراتی ہے تو پیسکو عملہ سیشن جج کے پاس جائے گا

گرڈ سٹیشنوں پر حملہ اور قبضہ کرنے والوں کے ویڈیوز سوشل میڈیا پر بھی جاری کی جائیں گی، پاور ڈویژن کا خط

اسلام آباد (نمائندہ آئیڈیل پاکستان) خیبر پختونخوا میں گرڈ سٹیشنوں پر حملوں اور قبضے کے واقعات پر پاور ڈویژن کی جانب سے سخت اقدامات کا فیصلہ۔ پاور ڈویژن نے پیسکو کے چیئرمین بورڈ کو خط لکھ دیا۔ گرڈ سٹیشنوں پر حملے کرنے والوں کے خلاف بلاخوف ایف آئی آر کاٹی جائے گی، اگر مقامی پولیس کارروائی سے کتراتی ہے تو پیسکو عملہ سیشن جج کے پاس جائے گا، اگر پولیس اور (بقیہ نمبر 36)

Registration No.3942
www.idealpakistannews.com
ABC CERTIFIED
DAILY IDEAL PAKISTAN
روزنامہ
آئیڈیل پاکستان
بانی: غلام مصطفیٰ جتوئی
ملتان
اسلام آباد
چیف ایڈیٹر: ساجد جتوئی 00923339233351
ایڈیٹر: ڈاکٹر بلال راؤ

شہداءِ دفاعِ پاکستان

6 ستمبر......یوم دفاع پاکستان

طارق خان ترین

یوم دفاع پاکستان ہر سال 6 ستمبر کو قومی دن کی حیثیت سے جوش و



ملی جذبے کے ساتھ منایا جاتا ہے۔ اس دن مادر وطن پر جان نچھاور

جنگی حکمت عملی، اور جنگی سازوسامان کے بہتر استعمال سے میدان جنگ میں اعلی کارکردگی

دکھائی۔ پاکستانی فضائیہ کی کارکردگی خصوصاً نمایاں رہی اور بری فوج

اور چھ رات تک دشمن کے شدید حملوں کا سامنا کیا اور دشمن کو اہم پیش قدمی سے روکے رکھا۔ ان کی بہادری اور قربانی کے اعتراف میں انہیں پاکستان کے سب سے بڑے فوجی اعزاز نشانِ حیدر سے نوازا گیا۔ 1942 کے کمشن یافتہ بریگیڈیئر شامی شہید ستمبر 65 کی جنگ میں فرسٹ آرمرڈ ویژن کے آرٹلری کمانڈر کی حیثیت سے قصور سیکٹر میں متعین تھے۔ ان کی زیر کمان فورس نے برمحل گولہ باری سے دشمن کے

ہوئے لیکن ان کی خدمات اور بہادری کو جنگ کے ہیروز میں شامل کیا جاتا ہے۔ اسی طرح سے فلائٹ لیفٹیننٹ حکیم اللہ، فلائٹ آفیسر عباس مرزا، فلائٹ لیفٹیننٹ یونس شہید، فلائٹ لیفٹیننٹ سرفراز فیقی، وِنگ کمانڈر سیسل چوہدری اور کرنل کے ایم رائے (جو کرسچین تھے) اور نیول کمانڈر احسان نا گی نے بہادری کے ساتھ اپنے وطن کا جارحانہ دفاع کیا۔

911 کے بعد پاکستان نے امریکی وار آن ٹیرر میں شامل ہو کر دہشت گردی کے خلاف اہم کردار ادا کیا، لیکن اس کے نتیجے میں ملک

کرنا ہے۔

دہشتگردی کے خلاف جنگ میں فوج، ایف سی، لیویز، اور پولیس کے کردار کو نظرانداز نہیں کیا جا سکتا۔ ان اداروں نے امن و

امان کی بحالی کے لیے بے شمار قربانیاں دی ہیں۔ فوج نے بڑے

ان تمام فورسز کی قربانیاں اور محنت ملک کی سیکیورٹی اور استحکام کے لیے انتہائی اہم ہیں۔ میں یہاں بلوچستان فرنٹیئر کور کے کردار پر چند ایک جملے ضرور لکھنا چاہونگا۔ ایف سی بلوچستان صوبے میں امن وامان برقرار رکھنے کے لیے کام کر رہی ہے، خاص طور پر ان علاقوں میں جہاں پر دہشت گردی یا عسکریت پسندی کے خطرات موجود ہو۔ یہ فورس پاک-ایران اور پاک-افغان سرحدوں کی نگرانی اور حفاظت کے فرائض سرانجام دی رہی ہے تاکہ غیر قانونی نقل وحرکت اور اسمگلنگ کو

پروپیگنڈے باندھے گئے یہاں تک کہ ان اہلکاروں کو زخمی بھی کیا گیا۔ مگر ایف سی کے جوانوں نے آخر تک جس صبر اور تحمل کا مظاہرہ

کیا وہ ایک قابل تقلید عمل ہے۔ اس وقت ملک میں دہشتگردی

میں 21 دہشت گرد ہلاک ہوئے، بہادری سے لڑتے ہوئے کیپٹن محمد علی سمیت 14 جوانوں نے شہادت پائی۔ اسی طرح سے پشین، نوشکی اور تربت کے علاوہ دیگر علاقوں میں دہشتگردی کے واقعات ہوئے، جس میں بے گناہ شہریوں کو شہید کر دیا گیا۔ دہشتگردی کے ان واقعات میں ایف سی بلوچستان، پولیس اور لیویز نے جس جاں فشانی سے دہشتگردوں کا قلع قمع کیا وہ لائق تحسین ہے۔ جس پر بلوچستان کی عوام اپنے سیکیورٹی فورسز کو نہ صرف خراج تحسین پیش کرتی ہیں بلکہ جواں مردی سے دہشتگردوں کا مقابلہ کرنے پر یکجہتی کا اظہار بھی کرتے ہیں۔ بلوچستان کے لوگوں نے پاکستان کے دفاع میں بڑی قربانیاں دی ہیں۔ یہ علاقے کی جغرافیائی اہمیت، قدرتی وسائل، اور عسکری تنازعات کے باعث خاص طور پر حساس ہیں۔ بلوچستان کے عوام نے دہشت گردی کے



کرنے والے بہادر سپوتوں کو خراج عقیدت جبکہ پوری قوم کی جانب سے افواج پاکستان کے ساتھ اظہار یکجہتی، محبت والفت کا والہانہ اظہار کیا جاتا ہے۔ یہ دن پاکستان کے لئے ایک ناقابل شکست جبکہ بھارت کے لئے انکے غرور کو خاک میں ملیامیٹ کرنے کا دن ہے۔ 6 ستمبر 1965 کے دن کو اگر تاریخی اعتبار سے دیکھا جائے تو 6 ستمبر 1965 کو بھارت نے اچانک لاہور پر حملہ کیا۔ بھارت کے اس حماقت پر آفواج پاکستان اور عوام نے یکجہتی اور حوصلے کے ساتھ دشمن کا مقابلہ کیا اور اپنے ملک کی سرحدوں کی حفاظت کی۔ بھارت کے پاس پاکستان سے کہیں گنا زیادہ جنگی وسائل تھے۔ مگران تمام

نے بھی کئی محاذوں پر شاندار دفاع کیا۔ تاریخ کے اس فتح سے معلوم ہوا کہ جنگیں حقیقت میں نظریات کی بنیاد پر لڑی جاتی ہیں نہ کہ مادی

علاقے میں قیامت برپا کر رکھی تھی۔ میدان جنگ کی صورت حال جانچنے کیلئے 10 ستمبر کو اپنی جیپ میں دشمن کے علاقہ میں دور

کو عالمی سطح پر تنہائی، داخلی انتشار، اور دہشت گردی کا سامنا کرنا پڑا، جس سے سیکیورٹی اور معیشت متاثر ہوئیں۔ پاک فوج، انٹیلیجنس

آپریشنز اور عسکری کارروائیوں میں حصہ لیا، جبکہ ایف سی اور لیویز نے دہشتگردی سے متاثرہ علاقوں میں سرحدی نگرانی اور سیکیورٹی

روکا جا سکے ۔ ایف سی بلوچستان دہشت گردی کے واقعات کی روک تھام اور دہشت گرد گروپوں کے خلاف کارروائی میں اہم کردار

کی لہر میں اضافہ ہوا ہے، ابھی حال ہی میں 25 اور 26 اگست کے درمیانی شب دہشتگردوں نے بلوچستان کی

خلاف جنگ میں، اور ملک کے دیگر چیلنجز کے دوران بڑی قربانیاں دی ہیں۔ بلوچستان کے فوجی جوانوں، پولیس و لیویز اہلکاروں، اور عام شہریوں نے ملک کے دفاع کے لیے اپنی جانوں کی قربانی دی۔ ان کی قربانیاں ملک کی سلامتی اور استحکام کی ضامن ہیں۔ یہ قربانیاں نہ صرف فوجی سطح پر بلکہ شہری سطح پر بھی دیکھی جاتی ہیں، جہاں بلوچستان کے لوگ دہشت گردی اور دیگر مسائل کے باوجود ملک کے ساتھ وفاداری برقرار رکھے ہوئے ہیں۔ 6 ستمبر کا دن ہمیں یہ پیغام دیتا ہے کہ ہم اپنے دفاعی اداروں کے ساتھ اظہار یکجہتی کرے ، شہدا کو خراج



تر وسائل کی وافر مقدار بھی بھارت کو جیتا نا سکی، حملہ بھی بھارت نے کیا اور دفاعی پوزیشن بھی بھارت نے اختیار کرلی، جبکہ پاکستان کی جانب سے کم ترین وسائل کے باوجود جارحانہ پوزیشن لیتے ہوئے

دشمن کے پرخچے ہوا میں بکھیر کر رکھ دیئے گئے ۔ 1965 کی جنگ میں پاکستان اور بھارت کی جنگی صلاحیتوں کا موازنہ یہ ظاہر کرتا ہے کہ اگرچہ بھارت کے پاس عددی اعتبار سے زیادہ فوجی قوت تھی، لیکن پاکستانی افواج نے اپنی تربیت،

وسائل کی بنیاد پر۔ فتح انہی کو نصیب ہوتی ہے جو حق کے راستے پر گامزن ہو۔

ہمارے ہیروز جنہوں نے جانفشانی سے ملکی سرحدات کا دفاع کیا نہ صرف بلکہ دشمن کو ناکوں چنے

چبوائے ۔ میجر راجہ عزیز بھٹی 1965 کی جنگ کے سب سے نمایاں ہیروز میں سے ایک ہیں۔ وہ لاہور سیکٹر کے برکی علاقے میں دشمن کے خلاف لڑتے ہوئے شہید ہوئے ۔ اپنی یونٹ کی قیادت کرتے ہوئے انہوں نے چھ دن

تک چلے گئے اور مشین گن برسٹ کا نشانہ بن گئے ان کی میت دشمن علاقہ میں عارضی طور پر دفن کردی گئی تھی، اور سیز فائر کے بعد پاکستان لا کر پورے فوجی اعزاز کے ساتھ دفن کی گئی۔ بے پناہ جرات وشجاعت، بے مثل قیادت اور بے لوث قربانی پر انہیں ہلال جرات عطا کیا گیا۔ 1965ء کی جنگ کے دوران لیفٹیننٹ کرنل نصیر اللہ بابر ایوی ایشن اسکواڈرن کی قیادت کر رہے تھے ۔ک

، نصیر اللہ بابر ئے۔

بھارتی مورچوں کے پاس پہنچ کر

انہوں نے ،

لیے

۔

۔ اس خطرناک صورتحال میں بھی انہوں نے اپنے اعصاب پر قابو رکھا اور 55 سکھ سپاہیوں کو گرفتار کیا۔ اس شاندار کارنامے پر انہیں ستارۂ جرات سے نوازا گیا۔ بعدازاں میجر جنرل کی حیثیت سے ریٹائر ہوئے ، بلاشبہ وہ ایک بہادر افسر تھے ۔ فلائٹ لیفٹیننٹ محمد محمود عالم (ایم ایم عالم) نے 1965 کی جنگ کے دوران فضائی محاذ پر بے مثال کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ انہوں نے ایک منٹ سے بھی کم وقت میں بھارتی فضائیہ کے 5 طیارے مار گرائے ، جو کہ عالمی ریکارڈ ہے ۔ حالانکہ وہ شہید نہیں

اداروں، ایف سی، پولیس، اور لیویز نے آپریشن ضربِ عضب اور

فراہم کی۔ پولیس نے بھی دہشتگردی کے خلاف روزمرہ کی

ردالفساد سمیت متعدد کامیاب آپریشنز کیے۔ تاہم، اب پاکستان کو ففتھ جنریشن وار کا سامنا ہے جس کا مقصد ملک کو سیاسی، اقتصادی، اور معاشرتی طور پر کمزور

بنیاد پر کارروائیوں میں حصہ لیا، لیویز جو کہ ایک قبائلی فورس کہلاتی ہے نے بھی اس وطن پر اپنے شہدا کی قربانیاں پیش کی ہیں اور عوامی تحفظ کے لیے اہم کردار ادا کیا۔



ادا کرتی ہے ۔ قدرتی آفات، سیلاب ہو یا دیگر ایمرجنسی حالات میں ریلیف کی کارروائیوں میں بھی ایف سی بلوچستان شامل ہوتی ہے ۔ ایف سی بلوچستان کی خدمات اور کردار کی نوعیت علاقے کی سیکیورٹی صورتحال اور مقامی چیلنجز کی بنیاد پر مختلف ہوسکتی ہے مگر صوبے میں امن و امان، تعلیم، صحت اور دیگر صحتمندانہ سرگرمیوں میں انکے کردار کو فراموش نہیں کیا جاسکتا۔ اسی طرح سے بارڈر منیجمنٹ کے حوالے سے ایف سی کا کردار کسی سے ڈھکا چھپا نہیں۔ کسی بھی ملک میں داخل ہونے یا پھر نکلنے کے لئے قانونی دستاویزات کا ہونا ضروری ہے ۔ مگر بدقسمتی سے چمن بارڈر پر لوگ بغیر کسی دستاویزات کے آتے اور چلے جاتے تھے ۔ جس کے سبب بلوچستان میں دہشتگردی کو روکنے میں رکاوٹیں کھڑی ہوتی تھی۔ بارڈر معاملات پر ریاست نے فیصلہ کیا کہ بغیر قانونی دستاویزات کے کسی بھی بارڈر پر نا کسی کو جانے دیا جائیگا اور نا کسی کو داخل ہونے دیا جائیگا۔ اس ریاستی فیصلے کے خلاف چمن کے رہائشی سمگلرز نے دھرنہ دیا نہ صرف بلکہ بارڈر پر تعینات ایف سی کے جوانوں کو طرح طرح کی اذیتیں پہنچائی گئی۔ جھوٹ، تہمتیں،

مختلف شاہراہوں کو بلاک کر کے 23 معصوم پاکستانیوں کو بسوں سے اتار کر موت کے گھاٹ اتار دیا۔ بلوچستان میں دہشتگردوں نے ایک ہی دن میں موسیٰ خیل، مستونگ، بولان اور قلات میں فائرنگ کے مختلف واقعات میں

عقیدت پیش کرے اور دنیا پر باور کرائے کہ ہم ایک زندہ قوم ہیں جو اپنے دفاعی اداروں کے ساتھ ہمہ وقت کھڑے ہیں، جو اپنے شہدا کو کبھی بھولتے نہیں، جو اپنے ملک کی سلامتی کلئے، امن و خوشحالی کے لئے ہمیشہ انکے شانہ



40 افراد کو شہید کیا جبکہ سیکیورٹی فورسز، ایف سی کی جوابی کارروائی

بشانہ کھڑے رہیں گے۔
پاک فوج زندہ باد

بقیہ 1

قوم بن کر ارض پاک کو داخلی و خارجی بحرانوں سے نجات دلا سکتے ہیں اور افواج پاکستان بہترین انداز سے پاکستان کا دفاع اور ملکی سلامتی کا تحفظ کر سکتی ہیں۔ یوم دفاع کے موقع پر اپنے پیغام میں علامہ ساجد نقوی نے کہا کہ موجودہ حالات میں حکمرانوں کی اولین ذمہ داری ہے کہ وہ ملک میں موجود بحرانوں کے خاتمے کے لیے اپنے کردار کے ساتھ ملکی سلامتی اور قومی یکجہتی کو مقدم خیال کرتے ہوئے سرحدوں کے دفاع کو باہم متحد ہو کر یقینی بنائیں' عوام کو امن وسکون کی فراہمی' انکے بنیادی حقوق کے تحفظ کے لئے کوئی کسر اٹھا نہ رکھی جائے۔ انہوں نے دفاع پاکستان کی جنگ میں شہید ہونے والے تمام شہداء کو خراج عقیدت اور تمام غازیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے پاکستانی عوام سے اپیل کی کہ اپنے اندر وحدت واتحاد پیدا کریں اور ہر قسم کے فروعی، لسانی، گروہی اور ذاتی اخلافات کو پس پشت ڈال کر اُمت واحدہ کو اپنی پہلی ترجیح قرار دے کر خدمت کا عہد کریں۔

بقیہ 2

کہا کہ بل کو فوری منظوری کے لیے پیش کیا جائے۔ سینیٹر علی ظفر نے بل پر اعتراض اٹھاتے ہوئے کہا کہ پی ٹی آئی کا اسلام آباد میں ایک جلسہ ہونے جارہا ہے، اسے روکنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ اس پر سینیٹر عرفان صدیقی کا کہنا تھا کہ ہم اس چیز کو ریگولیٹ کرنے کی کوشش کررہے ہیں، آپ جہاں چاہیں جلسہ کریں، ہم تو انہیں سہولت دے رہے ہیں، ہمارا اور کوئی مقصد نہیں، ہم چاہتے ہیں [illegible]

بقیہ 3

[illegible] کوالٹی کی چیزیں بھی موجود ہیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ میں یقین دہانی کراتا ہوں آپ نے جن چیزوں کی نشاندہی کی انہیں چیک کیا جائے گا، ناقص کوالٹی یا ایکسپائر چیزیں وہاں ہوتی ہیں جہاں سیل کم ہوتی ہے۔ عبدالعلیم خان نے ایوان کو بتایا کہ حقیقت ہے کہ ان ایریاز میں قیمتیں زیادہ ہے، پرائس چیکنگ کا اختیار ضلعی اور صوبائی انتظامیہ کا ہے، وزارت نے ضلعی انتظامیہ کے تعاون سے چیکنگ بھی کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس بات کو یقینی بنایا جائیگا کہ سروس ایریاز میں قیمتیں اور ان اشیا کا معیار معمول کے مطابق ہوں، اس حوالہ سے تشویش جائز ہے اور اس معاملہ پر مزید اقدامات کئے جائیں گے۔

بقیہ 4

کمشنر نے یونین کونسل حسنانہ میں ماڈل ویلج کا بھی دورہ کیا اور گھروں اور گلیوں کو نمبر لگانے، ڈسٹ بن اور دیگر صفائی کے حوالے سے جائزہ لیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر کا کہنا تھا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی خصوصی ہدایات پر ہر یونین میں صفائی آپریشن جاری ہے۔ محکمہ لوکل گورنمنٹ کے افسران کے صفائی کو مزید بہتر کرنے کی ہدایات جاری کی گئیں۔

بقیہ 5

گ۔ب سے کارپٹ روڈ جڑانوالہ کھڑیانوالہ روڈ سے 126 گ۔ب شیروآنہ تحصیل جڑانوالہ تک روڈ کی مرمت و بحالی، 6 کروڑ 80 لاکھ روپے کی لاگت سے 65 گ۔ب سے 110 گ۔ب جڑانوالہ کینال روڈ سے 119 گ۔ب براستہ سلطان ٹاؤن جڑانوالہ تک کارپٹ روڈ کی تعمیر ومرمت و بحالی کی سکیم اور ساڑھے 7 کروڑ روپے کے فنڈز سے مٹیلڈ روڈ چک 354 گ۔ب سے قبرستان اور چک 22 گ۔ ب سے 356 گ۔ب تحصیل جڑانوالہ کی تعمیر پر عملدرآمد کی منظوری دی گئی۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ کمیٹی فورم سے منظور ہونے والی سکیموں پر فی الفور عملدرآمد کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ سڑکوں کے تعمیراتی معیار کو یقینی بنایا جائے شفافیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ متعلقہ افسران موقع پر موجود رہ کر تعمیراتی عمل کی مسلسل نگرانی کریں۔ انہوں نے کہا کہ اہم شاہراہوں کی تعمیر اور مرمت وبحالی سے شہریوں کو آمدورفت کی معیاری سفری سہولیات میسر آئیں گی۔

بقیہ 6

وطن کو متحد کرنے اور عوامی رابطے کے بندھن کو مضبوط کرنے کے لیے جماعت اسلامی نے حافظ نعیم الرحمٰن کی قیادت میں عظیم الشان رابطہ عوام مہم کا اغاز کیا ہے۔ جس کے تحت نہ صرف عوام متحد ہوں گے بلکہ وطن عزیز کو مسائل کے بھنور سے نکلنے میں مدد ملے گی۔ جس طرح پاکستان کی مسلح افواج نے جان پر کھیل کر وطن عزیز کے دفاع کو ناقابل تسخیر بنایا۔ اسی طرح ہم مضبوط عوامی رابطے سے اندرونی و بیرونی سازشوں کو ناکام بنادیں گے۔ اور پاکستان خوشحال اور مضبوط اسلامی پاکستان کی منزل کی جانب رواں دواں ہوگا۔

بقیہ 7

کی طرف موڑنے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزیر اعظم پاکستان شہباز شریف کے دورہ چین کے بعد فیصلہ کیا گیا ہے کہ وزارت برائے سمندری اُمور کابینہ کو گوادر کے ذریعے درآمدات کی سمری فراہم کرے گی۔ وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی وخصوصی اقدامات احسن اقبال اور متعلقہ حکام ایم ایل ون کے کراچی تا حیدرآباد سیکشن کی چینی پیشکش پر غور کر کے اسے کابینہ کے آئندہ اجلاس میں پیش کریں گے۔

بقیہ 8

ہے جسے فوری طور پر نافذ العمل کر دیا گیا ہے۔ ترجمان نے کہا کہ یوٹیلیٹی سٹورز پر بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کی سبسڈی فی الحال بند ہے جو بہت جلد نئے طریقہ کار کے تحت بحال ہو جائے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ یوٹیلیٹی سٹورز کارپوریشن کی انتظامیہ نے بہترین خدمات فراہم کرنے کے لیے نئی حکمت عملی پر کام شروع کر دیا، ادارہ صارفین کا اعتماد بحال رکھنے کے لئے کوشاں ہے۔ ترجمان نے کہا کہ صارفین کو بہترین سہولیات فراہم کرنے، معیاری اور بارعایت اشیا کی وافر مقدار میں فراہمی کے لئے عملی اقدامات اٹھائے جارہے ہیں، صارفین بلاکسی دقت، دشواری اور شرائط کے یوٹیلیٹی سٹورز سے خریداری کر سکتے ہیں۔

بقیہ 9

تلاش شروع کی لیکن ناکامی پر ریسکیو 1122 طلب کیا گیا۔ رات گئے تلاش جاری کر رکھی تاہم کوئی کامیابی نہ مل سکی۔ ریسکیو 1122 کی ٹیم نے صبح دوبارہ سرچ آپریشن شروع کیا تو چند گھنٹوں کی تلاش کے دوران بچے کی لاش مل گئی، جسے لواحقین کے حوالے کر دیا گیا۔

بقیہ 10

کہ ان کے مؤکلوں کی عبوری ضمانت میں توسیع کی جائے اور ضمانت کی درخواستوں پر سماعت آئندہ کے لیے رکھ لی جائے۔ دوران سماعت عمران خان کی ویڈیو لنک پیشی نہ کرانے پر جیل حکام کا جواب جمع نہ کرایا جاسکا۔ بعدازاں عدالت نے جیل حکام سے ویڈیو لنک پر حاضری نہ لگوانے پر دوبارہ رپورٹ طلب کرتے ہوئے عمران خان اور بشریٰ بی بی کی عبوری ضمانت میں توسیع کر دی۔ عدالت نے عبوری ضمانتوں میں توسیع کرتے ہوئے سماعت 19 ستمبر تک ملتوی کر دی۔ یاد رہے کہ بانی پی ٹی آئی کے خلاف تھانہ ترنول، رمنا، سیکرٹریٹ، کوہسار اور تھانہ کراچی کمپنی میں 6 مقدمات درج ہیں جبکہ بشریٰ بی بی کے خلاف تھانہ کوہسار میں توشہ خانہ جعلی رسیدوں کا مقدمہ درج ہے۔

بقیہ 11

اپنا گھر پراجیکٹ کے لئے قرعہ اندازی میں 185 درخواست گزار کامیاب قرار پائے جبکہ ڈی جی خان میں پہلا نام عبداللطیف نامی شہری کا نکلا، دوسرا نام محمد اعظم، تیسرا مدیحہ قادر اور چوتھے خوش نصیب عبد الستار تھے۔ ڈیرہ غازیخان میں 1778-افراد نے اپنی چھت ۔۔۔ اپنا گھر پروگرام کے لئے اپلائی کیا۔ قرعہ اندازی میں کامیاب افراد کو 15-ستمبر تک قرض کی پہلی قسط مل جائے گی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے اپنی چھت ۔۔۔ اپنا گھر پروگرام میں [illegible]

بقیہ 12

[illegible] جو پاسپورٹ اجراء کیلئے بھیجے گئے تھے وہ پرنٹ کر کے بھیج دیئے گئے ہیں، فاسٹ ٹریک اور ارجنٹ پاسپورٹ کیٹیگری میں کوئی تاخیر نہیں مگر نارمل پاسپورٹ اجراء میں کچھ تاخیر ہوتی ہے۔ تحریری جواب میں بتایا گیا ہے کہ جیسے ہی نئے پرنٹرز نصب کئے جائیں گے پاسپورٹ تاخیر کا مسئلہ ختم ہو جائے گا۔ سینیٹ کو بتایا گیا ہے کہ سکیورٹی انک، لیمینیٹس، سپیئر پارٹس کی خریداری میں غیر معمولی تاخیر کا سامنا ہے، جنوری میں 20 پرنٹرز اور 20 لیمینیٹرز کی خریداری کا عمل شروع کیا، پرنٹرز اور لیمینیٹرز کی تیاری میں 8 سے 9 ماہ لگتے ہیں، رواں ماہ میں یہ فراہمی متوقع ہے۔ وزارت داخلہ کے مطابق 6 ڈیسک ٹاپ پرنٹرز اور 2 ای پاسپورٹ مشینیوں کا آرڈر جولائی میں دیا گیا ہے جن فراہمی رواں ماہ میں متوقع ہے، وزارت خزانہ کی جانب سے دونوں خریداریوں کیلئے مطلوبہ فنڈز مختص یا جاری نہیں کئے گئے ہیں۔

بقیہ 13

رہنماؤں کے فوجی ٹرائل ہورہے ہیں وہ سیاسی قیدی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اختر مینگل سے کہا ہے کہ وہ اپنا استعفیٰ واپس لے لیں، بلوچستان آگ میں جل رہا ہے کسی کو فکر نہیں، بجلی سستی کرنے کا اعلان کر کے اگلے دن ہی بجلی مہنگی کردی گئی، فارم 47 کی حکومت مہنگائی کنٹرول کرنے میں ناکام ہوچکی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ 9 مئی کے واقعات کے حوالے سے پی ٹی آئی کی شمولیت کے کوئی ثبوت نہیں، اگر 9 مئی کے ثبوت ہیں تو سامنے لائے جائیں، اپوزیشن جماعت ملک اور جمہوریت کی بقاء کی جدوجہد کر رہی ہے۔ عمر ایوب نے کہا کہ چینی اور گندم سکینڈل میں محسن نقوی براہ راست ملوث ہیں، گندم سکینڈل کی انکوائری ایف آئی اے کر رہی ہے جو وزیر داخلہ کے ماتحت ہے، محسن نقوی کی موجودگی میں کرپشن سکینڈل کی انکوائری ٹھپ کر دی گئی۔ پی ٹی آئی رہنما کا مزید کہنا تھا کہ حکومت کا اس وقت کوئی مستقبل نہیں، موجودہ حکومت کو کون لے کر آیا میں نام بتا دوں گا لیکن آپ چلا نہیں سکیں گے۔

بقیہ 14

گھنٹوں میں لاہور سے 02، راولپنڈی سے 14 اور قصور سے 01 ڈینگی کے کیس رپورٹ ہوئے۔

بقیہ 15

زیر صدارت اجلاس میں کم از کم اجرت 37 ہزار روپے کے نفاذ کے لیے خصوصی ٹاسک فورس کے قیام کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ وزیر لیبر نے کہا کہ مزدوروں کو تنخواہ کی ادائیگی بینک اکاؤنٹس سے یقینی بنائی جائے گی اور ان کے مسائل کے فوری حل کے لیے لیبر ڈیپارٹمنٹ نے شکایات بھی سیل قائم کر دیا ہے جہاں شکایت کنندگان کی شناخت خفیہ رکھی جائے گی۔ فیصل ایوب کھوکھر کا کہنا تھا کہ مزدور یونینز کی تشکیل اور انجمن سازی کے حق کی حوصلہ افزائی کریں گے جس کے لیے مزدور کے تحفظ کے لیے روزگار دینے والی ایجنسیوں کو لیبر قوانین کے دائرے میں لایا جارہا ہے۔ وزیر لیبر نے مزید کہا کہ پنجاب بھر میں چائلڈ لیبر کے خلاف سخت کارروائیوں کا فیصلہ کیا گیا ہے جب کہ چائلڈ لیبر کی حوصلہ شکنی کے لیے ملازمت کی عمر کو 16 سال کر رہے ہیں۔ واضح رہے کہ پاکستان کے آئین کے آرٹیکل 11 کی شک 3 کے مطابق ملک میں ملازمت کے لیے کم از کم عمر 14 سال ہونی چاہیے۔

بقیہ 16

کے مطابق ہوگا، افغانستان میں دہشت گرد تنظیموں کی موجودگی کے بار بار شواہد فراہم کیے ہیں، افغان عبوری حکومت ان دہشت گرد گروپوں کے خلاف موثر کارروائی کرے اور یقینی بنائے کہ دہشت گرد گروپس مستقبل میں افغان سرزمین کا پاکستان کے خلاف استعمال نہ کریں، بیرونی ممالک سیاسی پناہ لینے والے پاکستانیوں کے پاسپورٹ جاری کرنے کے حوالے سے وزارت خارجہ کی پالیسی واضح ہے، پاسپورٹ جاری نہ کرنے پر وزارت داخلہ سے رائے لی جائے، مغربی کنارے میں اسرائیلی حملے اقوام متحدہ چارٹر اور انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہیں، سلامتی کونسل اسرائیلی پرتشدد کارروائیوں کو روکے۔ ان خیالات کا اظہار ترجمان دفتر خارجہ نے جمعرات کو اسلام آباد میں ہفتہ وار پریس بریفنگ کے دوران کیا۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ وزیر خارجہ اسحٰق ڈار اس وقت برطانیہ کے سرکاری دورے پر ہیں، انہوں نے لندن میں کئی اہم شخصیات سے ملاقاتیں کی، وہ برطانیہ کے ڈپٹی وزیراعظم سے بھی ملاقات کریں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ اسحٰق ڈار نے دونوں ملکوں کے درمیان دوطرفہ تعلقات سمیت دیگر موضوعات پر بھی گفتگو کی۔ سیکریٹری خارجہ سائرس سجاد قاضی نے کشمیر پر او آئی سی گروپ کو بریف کیا۔ ممتاز زہرا بلوچ کا کہنا تھا کہ پاکستان مغربی میں مہاجرین پناہ گزینوں کے کیمپس پر حملوں کی شدید مذمت کرتا ہے، اسرائیلی حملے اقوام متحدہ چارٹر اور انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہیں، پاکستان اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل سے مطالبہ کرتا ہے کہ اسرائیلی پرتشدد کارروائیوں کو روکا جائے۔ انہوں نے کہا کہ 12 ستمبر کو ایس سی او ممبران کے حوالے سے اجلاس اسلام آباد میں منعقد ہوگا۔ ایس سی او اجلاس کے حوالے سے دعوت نامے بھیجے جاچکے ہیں۔ ترجمان دفتر خارجہ کا کہنا تھا کہ ایس سی او اجلاس کے لئے تمام اسٹیٹس حکام کو دعوت نامے بھیجے جاچکے ہیں، ابھی صورتحال نہیں کہ مہمانوں کی تفصیلات شیئر کی جاسکیں، بہت جلد مہمانوں کی تفصیلات شیئر کی جائیں گی۔ گزشتہ ہفتے سیکریٹری خارجہ سائرس سجاد نے کیمرون میں وزرائے خارجہ اجلاس میں پاکستان کی نمائندگی کی۔ ان کا کہنا تھا کہ کیمرون میں ہونے والے او آئی سی اجلاس میں اسلاموفوبیا فلسطین اور جموں کشمیر کی صورتحال پر بات چیت کی گئی۔ ترجمان دفتر خارجہ نے بھارتی وزیر خارجہ جے شنکر کے کشمیر سے متعلق بیان کو یک طرفہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ کشمیر کی حق خودارادیت کا فیصلہ کشمیری عوام کریں گے، کشمیر کے مستقبل کا فیصلہ اقوام متحدہ کے قراردادوں کے مطابق ہوگا۔ انہوں نے بتایا کہ رواں ماہ وزیر اعظم شہباز شریف اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی اجلاس میں شرکت کریں گے، اس حوالے سے ایک تفصیلی اعلامیہ جاری کیا جائے گا۔ ایک سوال کے جواب میں ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ پاکستان نے ہمیشہ سے بنگلہ دیش کے ساتھ مثبت اور مضبوط تعلقات کی خواہش کی ہے، ہمیں یقین ہے کہ دونوں ممالک کے حکومتی تعاون سے ان تعلقات میں مزید بہتری آئے گی، پاکستان اور بنگلہ دیش کے مضبوط تعلقات دونوں ممالک کی عوام کے لیے مفید ہیں۔ ممتاز زہرا بلوچ نے کہا کہ جوناگڑھ کیس ایک تاریخی کیس ہے جو پاک بھارت الحاق کے حوالے سے بہت اہمیت رکھتا ہے۔ دفتر خارجہ نے کہا کہ وزیر خارجہ اسحٰق ڈار نے بیرونی ممالک میں سیاسی پناہ لینے والے پاکستانیوں کو پاسپورٹ جاری نہ کرنے کی پالیسی معطل کی تھی۔ ممتاز زہرا بلوچ نے کہا کہ بیرونی ممالک میں سیاسی پناہ لینے والے پاکستانیوں کے پاسپورٹ جاری کرنے کے حوالے سے وزارت خارجہ کی پالیسی واضح ہے، انہوں نے کہا کہ پاسپورٹ جاری نہ کرنے پر وزارت داخلہ سے رائے لی جائے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ افغانستان میں دہشت گرد تنظیموں کی موجودگی کے بار بار شواہد فراہم کیے ہیں۔ افغان عبوری حکومت ان دہشت گرد گروپوں کے خلاف موثر کارروائی کرے اور یقینی بنائے کہ دہشت گرد گروپس

بقیہ 17

خیبر پختونخوا اعلیٰ امین گنڈاپور نے کہا کہ ہم حق اور سچ کے ساتھ کھڑے ہیں اور کھڑے رہیں گے، ملک کا نظام بے نقاب ہوگیا ہے اسے مزید بے نقاب کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ 8 ستمبر کو جلسہ ہر صورت ہوگا، اعتماد کے ووٹ کیلئے حاضر ہوں، فیصل کریم کنڈی پرچی پر گورنر بن گئے ہیں ان کو ابھی تک گورنر بننے پر یقین نہیں آرہا، یہ مجھ پر بے بنیاد الزامات لگارہے ہیں، ان کو عدالت میں جواب دینا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پوری دنیا جانتی ہے یہ بے بنیاد ایف آئی آرز ہیں، ورکر سے لے کر ہمارے لیڈر تک زیادتیاں ہورہی ہیں، میں بذات خود ایک این او سی ہوں، ان کو بتاؤں گا این او سی کیا ہوتا ہے؟۔

بقیہ 18

علامات ختم ہوچکی ہیں، دوبارہ پی سی آر ٹیسٹ کے ذریعے ان کی کلیئرنس کی گئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ متاثرہ افراد کو بروقت آئیسولیٹ کیا گیا تھا جس کی وجہ سے مرض کی روک تھام ہوسکی ہے۔ دوسری جانب وزیر صحت خیبر پختونخوا سید قاسم علی شاہ نے صوبے میں ایم پاکس سے متاثرہ تین مریضوں کی صحت یابی کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ محکمہ صحت نے قلیل عرصے میں ایم پاکس کے پھیلاؤ کو محدود کر دیا، پراونشل آؤٹ بریک ریسپانس کمیٹی کے تحت اُٹھائے جانے والے ہنگامی اقدامات اس بابت لائق تحسین ہیں، ہماری روٹین امیونائزیشن بھی دو مہینے کے اندر کافی بہتر ہوئی ہے۔

بقیہ 19

وارننگ جاری کیں کہ پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی روزانہ کی کارکردگی کو مانیٹرنگ کیا جائے گا۔ انہوں نے پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کو ہدایات جاری کیں کہ وہ فیلڈ انسپکشنز بڑھائیں اور خلاف ورزی پر سخت ایکشن لیں۔ ریٹ لسٹ آویزاں نہ ہونے اور اوورچارجنگ پر بھاری جرمانے عائد کئے جائیں۔ ڈپٹی کمشنر نے اسسٹنٹ کمشنرز کو تحصیل سطح پر بھی پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی کارکردگی کا جائزہ لینے بارے ہدایات جاری کیں اور کہا کہ تمام دکانوں پر نرخنامے نمایاں طور پر آویزاں ہونے چاہئیں۔ عوام کو مہنگائی سے ریلیف کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے، اس ضمن میں کوتاہی برداشت نہیں کی جائیگی۔

بقیہ 20

چاہیے۔ دوکانداروں اور پھڑیوں کے پاس سرکاری ریٹ لسٹ موجود ہو اور اسی کے مطابق سبزی اور پھلوں کی فروخت یقینی بنائی جائے۔ ضلعی انتظامیہ شہریوں کو اشیاء ضروریہ کی سستے داموں فراہمی کے حوالے سے مسلسل متحرک ہے۔ سبزیوں و پھلوں کی قیمتوں کو کنٹرول کرنے کیلئے سبزی منڈی کے باقاعدگی سے براہ راست مانیٹرنگ کی جارہی ہے تاکہ شہریوں کو ضلعی انتظامیہ کے جاری کردہ ریٹس پر اشیاء ضروریہ دستیاب ہوں۔

بقیہ 21

سینیٹر شبلی فراز نے کہا کہ حکومت اپنی اتھارٹی کا غلط استعمال کر رہی ہے، اسلام آباد میں بغیر اجازت جلسے پر سزا کا بل ان کے گلے پڑے گا۔ انہوں نے کہا کہ جب کرکٹ ٹیمیں آتی ہیں، تب بھی شہر کو محصور کر دیا جاتا ہے، بل سے ان کی بدنیتی واضح ہوچکی ہے، حکومت بھی جلسہ کر لے، میں انہیں چیلنج کرتا ہوں، یہ قانون محض پی ٹی آئی کے جلسہ کو نشانہ بنانے کیلئے بنایا گیا ہے، وزیر قانون دن دیہاڑے کیسے ہماری آنکھوں میں دھول جھونک سکتے ہیں؟۔ انہوں نے کہا کہ منی بل یا ججز کی تعداد میں اضافے کا بل نجی ممبر نہیں پیش کرسکتا، کیسے ایوان کو استعمال کرتے ہوئے ججز کی تعداد میں اضافے کا نجی بل پیش ہوا،؟ ججز کی تعداد میں اضافے کا بل صرف حکومت پیش کر سکتی ہے، انہیں ججز کی تعداد میں اضافے کے بل پر قومی اسمبلی میں شرمندگی کا سامنا ہوا، سینیٹ سے یہ نجی بل پیش کرنا درست نہیں تھا۔

بقیہ 22

پارٹی کے پاور شیئرنگ پر ہونے والے اجلاس کا جائزہ لیں گے۔ علاوہ ازیں صدر پاکستان آصف علی زرداری پیپلز پارٹی کی تنظیم نو کا جائزہ بھی لیں گے۔ صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ قیام امن کے لئے دہشت گردی کے خلاف جنگ جاری رہے گی۔

بقیہ 23

میں نافذ العمل ہوگا۔ بل کے تحت تیزاب کے کسی بھی بیوپاری کو لائسنسنگ اتھارٹی سے اجازت نامہ لینا ہوگا، بل کے تحت متعلقہ ضلع کا ڈی سی لائسنسنگ اتھارٹی ہوگا۔ لائسنسنگ اتھارٹی کی جانب سے جاری کردہ اجازت نامہ کی معیاد دو سال ہوگی۔ مقررہ مدت پوری ہونے کے بعد لائسنس کی تجدید کروانا ہوگی۔ کسی بھی قانونی خلاف ورزی کی صورت میں مجاز اتھارٹی لائسنس کو منسوخ کر سکتی ہے۔ قانون کے نفاذ کے 120 دن کے اندر لائسنس نہ لینے والوں کو بھاری جرمانہ اور سزا ہوگی۔ بل کے تحت 18 سال سے کم عمر افراد پر تیزاب کی خرید و فروخت پر پابندی ہوگی۔

بقیہ 24

قومی اسمبلی ترقیوں میں قوانین اور قواعد وضوابط میں کسی قسم کی نرمی نہیں برتی گئی، سپیکر قومی اسمبلی 278 سے زائد ملازمین جو گزشتہ کئی سالوں سے ترقی کے منتظر تھے ایک ہی دن ان سب کے ترقی کے نوٹیفکیشن جاری کیے گئے ہیں، اسپیکر قومی اسمبلی میری نظر میں تمام ملازمین یکساں ہیں، میری کوئی پسند و ناپسند نہیں، اسپیکر قومی اسمبلی ملازمین دل جمی اور لگن سے اپنے فرائض انجام دیں، کام ہی سے عزت ملتی ہے، اسپیکر قومی اسمبلی اللہ تعالیٰ محنت کرنے والوں کو اس کا صلہ ضرور دیتے ہیں، اسپیکر قومی سیکرٹریٹ کے ملازمین کے جائز مطالبات کو حل کرنے کی پوری کوشش کی ہے، سردار ایاز صادق سیکرٹریٹ میں ڈیجیٹلائزیشن سسٹم متعارف کروا رہے ہیں، اسپیکر قومی اسمبلی کفایت شعاری مہم کے تحت رواں سال تقریباً ایک ارب روپے کی بچت کو یقینی بنائیں گے، اسپیکر قومی اسمبلی غیر ضروری اسامیوں کو ختم کر دیا گیا ہے، اسپیکر قومی اسمبلی سیکرٹریٹ میں کوئی نئی بھرتی نہیں کر رہے، اسپیکر سردار ایاز صادق پارلیمان کی مضبوطی اور ملک کی ترقی و خوشحالی کے لیے کوششیں جاری رکھوں گا، اسپیکر قومی اسمبلی اسپیکر قومی اسمبلی اور ملازمین کی سابق اسپیکر فہمیدہ مرزا کے حالیہ دنوں میں وفات پانے والے داماد کی روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی۔

بقیہ 25

ہے۔ تاہم انہوں نے خبردار کیا کہ توانائی کی پیداوار میں ماحولیاتی مسائل کو بھی مدنظر رکھا جائے۔ پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف ڈویلپمنٹ اکنامکس (PIDE) کے اظہر لاشاری نے عالمی توانائی کے رجحانات سے ہم آہنگ ہونے کی فوری ضرورت پر زور دیا اور تھر کے علاقے میں کوئلے کی کان کنی کے ساجی اور ماحولیاتی اثرات پر توجہ دلائی۔ انہوں نے مقامی برادریوں، خاص طور پر خانہ بدوش آبادیوں کے نقصانات کو کم کرنے کے لئے عملی اقدامات پر زور دیا۔ ڈاکٹر مجید نے تھر میں کوئلے کی کان کنی کے ماحولیاتی چیلنجز، جیسے پانی کی آلودگی، جنگلات کی کٹائی، اور ہوا کی آلودگی پر بات کی۔ انہوں نے سفارش کی جدید تکنیک کو استعمال کر کے ماحولیاتی نقصانات کو کم کیا جائے۔ مسٹر باسط نے کوئلے میں مزید سرمایہ کاری کے اقتصادی اور ماحولیاتی مسائل پر روشنی ڈالی۔ پرائیویٹ پاور اینڈ انفرااسٹرکچر بورڈ کے ڈائریکٹر جنرل آف تھرل، علی نواز نے تھر کے علاقے میں بنیادی ڈھانچے کی ترقی کے ذریعے لائی جانے والی سماجی و اقتصادی بہتریوں پر بات کی۔ معدنیات کے حقوق کی فریحہ نے پنجاب میں کان کنوں کی ناقص کام کی حالتوں کی نشاندہی کی اور بہتر حفاظتی قوانین اور صحت کی سہولتوں کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے واضح کیا کہ کان کنی سے وابستہ افراد کی صحت اولین ترجیح ہونی چاہئے۔ کانفرنس کا اختتام اس اتفاق رائے سے ہوا کہ پاکستان کے لئے ایک واضح اور طویل مدتی توانائی کی حکمت عملی کی ضرورت ہے، جو کاربن کے اخراج کو کم کرنے، تجدیدی توانائی میں سرمایہ کاری، اور کوئلے کے سماجی و ماحولیاتی اخراجات کو کم کرنے پر توجہ دے۔

بقیہ 26

پاکستان نے غیر معمولی جرات اور بے مثال جذبے کا مظاہرہ کرتے ہوئے دشمن کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا دیا، اس روز مادرِ وطن کے بہادر سپوتوں نے دشمن کے خلاف بے خوفی سے لڑتے ہوئے تاریخ کا روشن باب رقم کیا۔ آج ہم ان شہداء کو سلام پیش کرتے ہیں جنہوں نے دفاع وطن کا فریضہ ادا کرتے ہوئے اپنی جانیں نچھاور کیں، پاکستان اپنے کشمیری بہن بھائیوں کی سفارتی، سیاسی اور اخلاقی مدد جاری رکھے گا، عالمی برادری مسئلہ کشمیر حل کرائے، بین الاقوامی برادری اب مان چکی ہے کہ بھارت بھر میں اقلیتوں پر ظلم وستم اور مقبوضہ کشمیر میں معصوم کشمیریوں پر جاری مظالم فوری طور پر ختم ہونے چاہئیں، بھارت کو اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں کے تحت کشمیریوں کو ان کا حق خودارادیت دینا ہوگا جتنی جلد ہو اتنا ہی خطے کے امن کے لیے بہتر ہے۔

بقیہ 27

کیلئے کمرشل بینکوں سے زیادہ شرح سود پر قرض لیا جائے گا، وزارت خزانہ حکام تینوں بینکوں سے قرض لینے کیلئے رابطے میں ہیں۔ وزارت خزانہ کے ذرائع کا مزید کہنا ہے کہ سعودی عرب کیساتھ مؤخر ادائیگیوں پر آئل فیسلٹی کیلئے بھی کوشش جاری ہیں، سعودی عرب کیساتھ ادھار تیل کی سہولت حاصل کرنے کیلئے معاہدہ تعطل کا شکار ہے جبکہ وزارت خزانہ فنانسنگ گیپ پورا کرنے کیلئے 4 سورسز سے ارینجمنٹ کیلئے کوشش کررہی ہے۔

بقیہ 28

سرمایہ کاری لانے کے لئے سرگرم ہیں ان خیالات کا اظہار ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے سابق گورنر و سینیٹر صوبہ خیبر پختونخواہ محمد اقبال ظفر جھگڑا، صوبائی وزیر بلوچستان میر لیاقت لہڑی، سینیٹر حاجی ہدایت اللہ خان، سینیٹر ناصر بٹ، صوبائی رکن اسمبلی علی خان یوسف زئی، اسلام آباد اور لاہور سے تعلق رکھنے والے سینیئر اینکر پرسنس، صحافیوں، طلباء، وکلا اور سوشل سیکٹر سے تعلق رکھنے والی خواتین کے وفد سے پارلیمنٹ ہاس میں ہونے والی مختلف ملاقاتوں کے دوران کیا۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ موجودہ حکومت کی پالیسیوں کی بدولت ملک کے معاشی حالات میں نمایاں بہتری نظر آرہی ہے۔ وزیراعظم پاکستان کی کوششوں سے ملک میں اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں میں بھی کمی آرہی ہے۔ میاں محمد نواز شریف کی ہدایت کے مطابق ملک بھر میں آٹے و دیگر اشیائے کی قیمتوں میں بھی کمی دیکھنے میں آئی ہے۔ سیدال خان نے کہا کہ ملک میں بیرونی سرمایہ کاری کا ماحول بن رہا ہے اور خاص طور صوبہ بلوچستان میں یکجہتی اور بھائی چارے کو فروغ دے

بقیہ 29

لیتے ہوئے فوری قانونی کارروائی اور ملزمان کی گرفتاری کا حکم دیا تھا۔ مقدمہ متاثرہ خاتون کی مدعیت میں تھانہ وارث خان میں درج کیا گیا۔ متاثرہ خاتون کا میڈیکل کروایا گیا ہے جبکہ زیر تحویل ملزمان سے تفتیش کی جارہی ہے۔ ایس ایس پی انویسٹی گیشن صبا ستار تفتیش کی براہ راست نگرانی کر رہی ہیں۔ درج مقدمے میں مسماۃ عذرا بی بی نے بتایا کہ شادی 14 سال قبل محمد شکیل سے ہوئی اور دو بچیاں ہیں جبکہ خاوند تشدد کا نشانہ بناتا رہا، تنگ آکر خلع کا دعویٰ دائر کر دیا اور 9 اگست کو علیحدگی ہوگی جس پر خاوند اور دیوروں نے دھمکیاں دیں کہ ہمارے ساتھ نہیں رہی تو اب تمہیں کہیں کا نہیں چھوڑیں گے۔ متاثرہ خاتون نے بتایا کہ سہیلی سے مل کر رکشے پر گھر آرہی تھی کہ اچانک ظفر الحق روڈ پر میرے دیور عدیل اور خلیل جو موٹرسائیکل پر سوار تھے راستہ روک کر موٹرسائیکل رکشے کے ساتھ لگایا اور بوتل سے تیزاب میرے چہرے اور دائیں ہاتھ بازو پر پھینکا جس سے جھلس کر زخمی اور بے ہوش ہوگئی۔ رکشہ ڈرائیور مجھے اپنے طور پر ڈاکٹر کے پاس لے گیا جہاں ہوش آیا تو گھر والے اسپتال لے گئے، دیوروں نے پہلے بھی دھمکیاں دیں اور اب تیزاب پھینک کر زخمی کیا۔ سی پی او سید خالد ہمدانی نے ہدایت کی کہ حقائق کے مطابق تفتیش عمل میں لاتے ہوئے میرٹ پر ریکسو کیا جائے گا، خواتین پر تیزاب پھینکنے جیسا واقعہ ناقابل برداشت ہے، خواتین اور بچوں کے خلاف جرائم میں ملوث ملزمان قانون سے نہیں بچ سکتے۔ واضح رہے کہ تھانہ وارث خان کے علاقے ظفر الحق روڈ پر تیزاب گردی کے واقعے میں دیوروں نے سابقہ بھاوج پر تیزاب پھینک کر زخمی کر دیا تھا۔

بقیہ 30

معاشی بااختیاری میں بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے کردار بہت اہم ہے۔ ان خیالات کا اظہار سینیٹر روبینہ خالد نے بی آئی ایس پی ہیڈ کوارٹرز میں منعقد میڈیا بریفنگ کے دوران کیا۔ سینیٹر روبینہ خالد نے کہا کہ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے حوالے یہ منفی تاثر ہے کہ اس پروگرام کے ذریعے غریب عوام کو بھکاری بنایا جارہا ہے جبکہ دنیا بھر اس نوعیت کے سماجی تحفظ کے پروگرام موجود ہیں۔ غریب افراد کی مدد ریاست کی ذمہ داری ہے۔ یہ پروگرام مستحق افراد کی بنیادی ضروریات اور اخراجات کو برداشت کرنے میں ان کی اضافی مالی معاونت کرتا ہے۔ سینیٹر روبینہ خالد نے کہا کہ مستحق خواتین اور انکے گھرانوں کے افراد کیلئے بینظیر سکل ٹریننگ پروگرام کا بھی آغاز کیا جارہا ہے۔ اس حوالے سے نیوٹیک اور منسٹری آف اوورسیز پاکستانیز کیساتھ مشاورت جاری ہے۔ مقصد یہ ہے کہ مستحق افراد کو لوکل اور بین الاقوامی مارکیٹ کی ضروریات کے مطابق ایسے شعبوں میں سکل ٹریننگ فراہم کی جائے

بقیہ 31

انہوں نے ڈیرہ غزہ غازی خان میں اسکول نیوٹریشن پروگرام کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ مریم نواز نے کہا کہ بچوں سے مل کر بہت خوشی ہے، بچوں سے ملنے والا پیار بھی فراموش نہیں کر سکتی، میں آپ کے لیے ایسے سوچتی ہوں جیسے ماں اپنے بچوں کے لیے سوچتی ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب نے کہا کہ ڈیرہ غازی خان سے لاہور جتنا بھی دور ہو میں آپ سے زیادہ دور نہیں ہوں۔ مریم نواز کا کہنا تھا کہ میں صرف لاہور نہیں پورے پنجاب کا سوچتی ہوں، مزید کہا کہ ہمارے پاس پنجاب میں 49 ہزار اسکولز ہیں اور ان میں لاکھوں بچے پڑھتے ہیں اور میری یہ خواہش ہے ہم آپ کو اسکول میں باقاعدہ کھانا فراہم کریں لیکن آپ کو معلوم ہے پاکستان ایک امیر ملک نہیں ہے اور ہمارے وسائل بہت تھوڑے ہیں لیکن اچھا وقت بھی آئے گا اور آرہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میری پوری کوشش ہوگی کہ ہم آپ کو جتنا ہو سکے سہولیات فراہم کروں، میں صبح، دوپہر، شام اور رات میں آپ سب کے بارے میں یہ سوچتی ہوں کہ آپ کے اسکول کی تعلیم بہتر ہوجائے، آپ کے اسکول کی عمارت بہتر ہوجائے، آپ کا ماحول بہتر ہوجائے اور آپ کا جو تعلیمی معیار ہے وہ بہتر ہوجائے اور جو اساتذہ ہیں وہ بہترین طریقے سے آپ کو تعلیم فراہم کریں اور ہم آپ کو وہ سب سہولتیں دیں جو پرائیویٹ اسکولوں میں فراہم کی جاتی ہیں۔ مریم نواز نے کہا کہ میں ڈیرہ غازی خان میں صرف اور صرف آپ سے ملنے آئی ہوں اور یہ پروگرام میں نے لاہور سے یا راولپنڈی سے شروع نہیں کیا یہ ڈی جی خان جنوبی پنجاب سے شروع کیا ہے۔

بقیہ 32

صوبائی دارالحکومتوں میں 21،21 توپوں کی سلامی سے ہوگا۔ یوم دفاع اور شہداء کے موقع پر بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح اور شاعر مشرق علامہ اقبال کے مزار پر گارڈز کی تبدیلی کی پروقار تقریب سے ہوگی۔ یوم دفاع و شہداء کے موقع پر خصوصی تقریبات کے انعقاد کیا جائے گا جن میں جنگ ستمبر کے غازیوں اور شہیدوں کی جرات و بہادری کو خراج تحسین پیش کیا جائے گا۔

بقیہ 33

پروجیکٹ ڈائریکٹر رضوان خان نے مسمار کرادی تھیں۔ اسوقت کے وزیر بلدیات شرجیل میمن نے خود نگرانی کی تھی اینٹی کرائم کے رضا کار سرکاری اداروں کی اچھے کاموں میں معاونت کرتے ہیں لیکن نالوں پر قبضوں، ٹی ایم سی ملازمین کا لیزیں طلب کرنا اور انہیں جعلی قرار دینا رشوت ملنے پر او کے کرنا میئر کراچی کی آنکھیں کھولنے کے لئے کافی ہے کہ مذموم مہم کے تحت مہم چلا کر کے ایم سی کو کروڑوں روپے کے ریونیو سے محروم کیا جارہا ہے؟ نسیم الغنی کو بھی سنگین دھمکیاں چیئرمین اورنگی نے دیں جسکے بعد اس کو دل کا دورہ پڑا اور وہ دنیا سے چلا گیا۔ سابق ہروجیکٹ ڈائریکٹر رضوان خان کو اتنا زچ کیا کہ وہ Parallize ہوگئے۔ جاوید مصطفیٰ کو کام نہیں کرنے دیا وہ کینسر کے مریض تھے زچ ہو کر وقت سے پہلے چلے گئے۔ ان سب کے ذمہ دار میئر کراچی ہیں جو اورنگی کے معام لات لینڈ مافیا کو لگام دینے میں ناکام ہیں جبکہ امتیاز بٹ جیسے پرائیوٹ آدمی کو اختیار دے کر قانون کی دھجیاں بکھیر دی گئیں۔ چیئرمین اورنگی پیپلز پارٹی کے نام پر دھبہ لگا رہے ہیں ٹی ایم سی کے انچارج تجاوزات وسیم حسین نے اپنے اعلی عہدیداران کی ہدایت پر کے ایم سی کے امور میں مداخلت جاری رکھی ہوئی ہے۔ ٹی ایم سی لینڈ کے عملے نے کے ایم سی کو مفلوج کر رکھا ہے۔ کے ایم سی کا نام لے کر بھتے وصول کئے جاتے ہیں۔ اس کام میں شہباز قادری، نوشاد، عمران، اور اکبر خان انچارج وسیم احمد کے ساتھ ملوث ہیں۔ جبکہ چیئرمین جمیل احمد ضیاء نے کے ایم سی کو کام کرنے سے روک رکھا ہے۔ نالوں کے ساتھ دکانیں بھی اسی گروپ کی سرپرستی میں تعمیر ہورہی ہیں۔ جسکا اقرار جمیل ضیاء نے مقامی چینل کو انٹرویو میں بھی کیا کہ ہم بیروزگار افراد کو جنگی دکانیں چلی گئیں منی ہاکر زون بنا کر دینا چاہتے ہیں۔ جو قانون کے اندر قانون ہے سندھ ہائی کورٹ نے ہاکر زون پر پابندی لگا دی تھی۔ جو قائم ہے ہاکر زون کی آڑ میں قبضے اور لاکھوں کی وصولی کی مذمت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ روز یوسی ڈی توڑنے کے حوالے سے انکشاف ہوا ہے کہ عابد پیرزادہ سے بھاری رقم مانگی گئی تھی۔ لیکن رقم نہ ملنے پر بغیر کوئی نوٹس دیئے جگہ مسمار کر دی گئی۔ پروجیکٹ ڈائریکٹر اورنگی واقعات سے لاعلم تھے انہیں چیئرمین کی وجہ سے ذمہ داری لینی پڑی۔ لیکن کے ایم سی کا عملہ آپریشن میں شامل نہیں تھا۔ پی ڈی اورنگی کے فرنٹ مین نے جمیل ضیاء کے ایماء پر آپریشن کی نگرانی کی۔ عابد پیرزادہ نے کاغذات بھی پیش کیے لیکن ٹی ایم سی کی مشینری سے پچاس سال پرانی عمارت مسمار کر دی گئی۔ ایک کے ایم سی افسر نے بتایا کہ جو ٹی ایم سی کا ڈومین نہیں ہے وہ کیا جارہا ہے۔ پروجیکٹ ڈائریکٹرز کے کاغذات کو جعلی قرار دے کر بھاری رقوم مانگی جاتی ہیں۔ جو اٹک جاتا ہے اسکی عمارت مسمار یا اسکی جزوی توڑ پھوڑ کر کے بھتہ وصول کیا جاتا ہے۔ عابد پیزادہ کے کاغذات کی ویری فیکیشن کئے بغیر نوٹس دیئے بناء کارروائی پر عابد پیرزادہ نے عدالت جانے کا اعلان کیا ہے۔ انکا پہلے ہی معاملہ عدالت میں زیر سماعت ہے اب وہ توہین عدالت کی کاروائی میں جائیں گے۔ اورنگی ٹاؤن کے افسران نے چیئرمین کی مداخلت ختم کرنے، غیر قانونی اقدامات اور ٹی ایم سی افسران کی رشوت ستانی پر میئر کراچی، ڈپٹی میئر کراچی، میونسپل کمشنر کے ایم سی سے فوری کاروائی کا مطالبہ کیا ہے۔ ابرار احمد صدیقی نے کہا کہ جو افسران متاثر ہوئے ہیں انکے لواحقین ہم سے رابطہ کریں ہم عدالت تک انہیں مکمل تعاون دے کر انصاف اور انکی ہر مدد کریں گے۔ چیف جسٹس کو خط لکھ دیا ہے۔

بقیہ 34

پانچ کلو پکڑی گئی اس کے ساتھ ساتھ شراب کی 8 چالو بھٹیاں پولیس نے پکڑلیں ڈی پی او خانیوال اسماعیل رحمان کھاڑک نے چارج سنبھالتے ہی خانیوال سے بلاتفریق منشیات فروشی کو جڑ سے اکھاڑنے کا فیصلہ کیا اس حوالے سے انہوں نے خفیہ اداروں کی بھی مدد حاصل کی خانیوال منشیات فروشی کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کے لیے آپریشن نو ڈرگز کا آغاز کیا گیا منشیات فروشوں کی سرگرمیوں پر گہری نظر رکھی گئی ان کے ٹھکانوں کا کھوج لگانے منشیات فروشوں کی فہرست پر تحقیق کی کنفرم موت کے سوداگروں کے خلاف پولیس میدان میں اتار دی دو ماہ کے مختصر عرصے میں چرس کے 192 مقدمات درج ہوئے اور 362 کلو چرس برآمد کی گئی حیران کے 7 مقدمات درج ہوئے 13 کلو ہیروئن برامد ہوئی شراب کے 218 مقدمات درج ہوئے اور 14 58 لیٹر شراب پکڑی کچی شراب کے کئی ڈرم پکڑے گئے 8 چالو بھٹیاں بند کی گئیں اور 2208 لیٹر شراب پولیس نے اپنی تحویل میں لی کراس طرح افیون کا ایک مقدمہ درج ہوا اور پانچ کلو افیون پکڑی گئی جنوبی پنجاب میں خانیوال کا تعارف منشیات کی ایک بڑی مارکیٹ کے طور پر ہے خانوال تلمبہ کچا کھوہ کبیروالا سمیت علاقوں میں منشیات سرعام اور ڈنکے کی چوٹ پر فروخت ہوتی تھی مافیا کو میڈیا پولیس اور سیاست دانوں کی صف میں چھپی کالی بھیڑوں کی پشت پناہی حاصل تھی جن کی تائید اور حمایت سے منشیات فروشوں کا دھندا زور وشور سے چل رہا تھا منشیات فروشوں کے خلاف اس برق رفتار آپریشن نے مافیا کی کمر توڑ رکھ دی ہے بڑے بڑے گن مٹے پولیس نے دھر لیے دلچسپ بات یہ ہے کہ تمام ملوث افراد کے حوالے سے ٹھوس شواہد خانیوال پولیس کے پاس موجود ہیں مافیا کہ شور وغوغا کے باوجود پولیس اپنے ہدف کی جانب بڑھ رہی ہے بڑے بڑے مگر مچھ انڈر گراؤنڈ چلے گئے ہیں

بقیہ 35

ڈوگر ایڈووکیٹ مرکزی انجمن تاجران جھگی والا بانی و چیئرمین پریس کلب جھگی والا خاور عباس جتوئی، کا کہنا تھا انظر سکھیرا کی تعیناتی میں جرائم پیشہ عناصر میں کمی ہوئی ہے مذید کارروائی کے لیے چوکی میروالا کی حدود میں گشت کا دائرہ وسیع کر دیا ہے عوام کو بھی چاہیے کہ وہ اپنے حقوق جان مال کی حفاظت کے لیے مجھ سے رابطہ کریں انشاءاللہ عزوجل ان کے مسائل ان کے دہلیز پر حل ہوں گے انشاءاللہ اگلے ہفتے کھلی کچہری کا پیمانہ مذید وسیع کریں گے سائل کے مسائل فورا حل کرنے کے لیے احکامات جاری کر دیئے اس موقع پر سرپرست حاجی امداد حسین سیال، سینئر نائب صدر رائے محمد اسلم پرہار، نائب صدر محمد فاروق کھرل، حاجی محمد امجد بھٹی جوائنٹ سیکرٹری، ملک شہباز بشیر دھاریوال، رائے محمد نعیم، محمد دانش جام، سید نادعلی نقوی، محمد نوید بھٹی، حاجی محمد سلیم کھیم، محمد نعمان کھیم، انجمن تاجران جھگی والا کے ممبران، صحافی برادری کے ممبران، سول سوسائٹی کے لوگ بھی موجود تھے

بقیہ 36

سیشن جج ایف آئی آر کے معاملے حل نہ کریں تو تو پشاور ہائی کورٹ سے رجوع کیا جائے گا، خط پشاور ہائی کورٹ سے تجربہ کار قانونی مشیر کے ذریعے حل طلب کیا جائے گا۔ پشاور کے ایم پی اے اور درگئی کے تحصیل ناظم کے واقعے پر بھی کارروائی ہوگی، خطیسکو کے گرڈز اور دیگر تنصیبات کی حفاظت کیلئے فرنٹیئر کانسٹیبلری کی خدمات لی جائے گی، خط پاور ڈویژن وزارت داخلہ کے ساتھ معاملہ اٹھائے گی۔ گرڈ سٹیشنوں پر حملہ اور قبضہ کرنے والوں کے ویڈیوز سوشل میڈیا پر بھی جاری کی جائیں گی، خط گرڈ سٹیشنوں پر حملوں میں ملوث افراد کو پرنٹ میڈیا پر بھی بے نقاب کیا جائے گا، خط

بقیہ 37

لیا گیا۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کا کہنا تھا کہ سولر سسٹم سے فرنٹ ڈیسک پر تمام سروسز بلاتعطل فراہم کی جاسکیں گی، سولرائزیشن 2 مرحلوں میں مکمل کی جائے گی، پہلے مرحلے میں پنجاب کے 350 تھانے پر سولر سسٹم کی تنصیب کا عمل شروع کر دیا گیا۔ دوسرے مرحلے میں اگلے مالی سال میں 375 پولیس سٹیشنز پر تنصیب کی جائے گی، ہر پولیس سٹیشن پر 3 کلوواٹ کا سسٹم بیٹریز سمیت نصب کیا جارہا ہے۔

بقیہ 38

وکیل ایڈووکیٹ لطیف کھوسہ نے شیر افضل مروت کو گلے لگالیا اور کہا یہ میرا بیٹا ہے۔ جمعرات کے روز پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر میڈیا کے نمائندوں سے جب لطیف کھوسہ گفتگو کر رہے تھے تو پارلیمنٹ سے شیر افضل مروت باہر آرہے تھے۔ میڈیا کے نمائندوں نے شیر افضل مروت کو روک لیا اور کہا کہ اپ دونوں کے درمیان اختلافات ہیں۔ تو لطیف کھوسہ نے شیر افضل مروت کو گلے لگاتے ہوئے کہا کہ ہمارے درمیان کوئی اختلافات نہیں ہیں ہمارا ایجنڈا عمران خان کی رہائی ہے۔ یہ میرا بیٹا ہے۔

بقیہ 39

ستمبر کا جلسہ پرامن ہوگا، حکومت کی جانب سے جلسہ منسوخی کی صورت میں پلان سی اور ڈی پر عمل کریں گے۔ عدالتوں نے عمران خان کو رہا کر دیا ہے، مولانا فضل الرحمان نے وعدہ کیا ہے کہ وہ اپوزیشن کے ساتھ کھڑے رہیں گے، ان کے ساتھ مل کر احتجاجی تحریک چلائیں گے، ب حکومت رکاوٹیں نہ پیدا کرے، حکومت ملک کے اندر انارکی پھیلانے سے گریز کرے۔ وہ پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کر رہے تھے۔ انہوں نے کہ ہم اس بات کی گارنٹی دیتے ہیں کہ جلسہ پرامن ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اس مرتبہ عمران خان کا پیغام لے کر نہ علیمہ خان آئیں گی اور نہ ہی کسی دوسرے شخص کی بات کو تسلیم کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اگر چاہتی ہے کہ گرینڈ نیشنل ڈائیلاگ شروع کیے جائیں تو پھر اڈیالہ میں جا کر عمران خان سے بات کریں اور انہیں رہا کیا جائے، وہ بے گناہ ہیں۔ انہوں نے کہا، حکومت پاکستان انہیں انٹرپول کے ذریعے گرفتار کرے۔ انہوں نے کہا کہ حکمران جماعت چاہتی ہے کہ پاکستان کے خلاف بنگلہ دیش کی طرح ہوں۔ عمران خان نے خون خرابہ اور تصادم سے منع کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم پرامن جلسے کریں گے اور اپنے حق کے لیے لڑیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں عمران خان انارکی نہیں چاہتا ہے۔

بقیہ 40

ڈپٹی اسٹیشن منیجر اقبال جاوید باجوہ کی ملازمت ختم کر دی گئی۔ ترجمان پی آئی اے کے مطابق لاہور بورڈ سے ایف اے کا سرٹیفکیٹ جعلی ثابت ہونے پر اقبال جاوید باجوہ کو مستعفی ہونے کو کہا گیا تھا، برطانیہ میں پی آئی اے کے ڈپٹی اسٹیشن منیجر اقبال جاوید باجوہ نے استعفیٰ دے دیا ہے۔ پی آئی اے کے ترجمان کا کہنا ہے کہ اقبال جاوید باجوہ کو 30 جولائی کو پی آئی اے کے فنانس منیجر برمنگھم کے ذریعے شوکاز دیا گیا تھا۔ ذرائع کے مطابق اقبال جاوید باجوہ نے 1977 میں پی آئی اے راولپنڈی آفس میں ملازمت حاصل کی اور انہوں نے 1980 کی دہائی کے آخر میں برطانیہ کی شہریت لی۔ ذرائع کا بتانا ہے کہ اقبال جاوید باجوہ نے برطانیہ کی شہریت لیتے ہی پی آئی اے میں اپنی ملازمت برطانوی شہری کی حیثیت سے تبدیل کرائی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اقبال جاوید باجوہ سابق آرمی چیف جنرل ریٹائرڈ قمر جاوید باجوہ کے بھائی ہیں۔

بقیہ 41

بھارت کی 27 کروڑ کی آبادی شامل ہے جبکہ پاکستان میں بھی 19 کروڑ افراد گرمی سے متاثر ہوسکتے ہیں۔ واشنگٹن پوسٹ اور کاربن پلان کی تحقیقاتی رپورٹ کے مطابق پاکستان اور بھارت کے وسیع علاقے شدید گرم اور مرطوب موسم میں ڈوب جائیں گے۔ 2040 تک معمول سے زائد درجہ حرارت پاکستان میں سالانہ ڈیڑھ لاکھ اموات کا سبب بن سکتا ہے۔ ویٹ بلب گلوب ٹمپریچر ہوا کے درجہ حرارت، نمی، سورج کی تابکاری اور ہوا کی رفتار کو مدنظر رکھ کر انسانی جسم پر درجہ حرارت کے دباؤ کی جانچ کرتا ہے۔ اس پیمائش پر مبنی تجزیہ کے مطابق پاکستان موسمیاتی تبدیلیوں سے منسلک بیماریوں اور ان سے اموات کا نیا عالمی مرکز بن چکا ہے۔

بقیہ 42

منایا جاتا ہے۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ شہداء کی قربانیاں ہمارا فخر ہیں اور وہ ہمارے حقیقی ہیرو ہیں، ان کی یادیں ہمیشہ دلوں میں زندہ رہیں گی۔ اسپیکر نے کہا کہ 6 ستمبر 1965ء کو دشمن نے رات کی تاریکی میں ہماری سرحدوں پر حملہ کیا، لیکن ہماری جری مسلح افواج نے دشمن کی اپنے سے کئی گنا بڑی فوج کو دندان شکن جواب دیا اور اس کے مذموم عزائم کو خاک میں ملا دیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ 1965ء کی پاک بھارت جنگ کے دوران پوری قوم متحد ہو کر اپنی جری مسلح افواج کے ساتھ سیسہ پلائی دیوار کی مانند کھڑی رہی۔ انہوں نے کہا کہ ستمبر 1965ء کی جنگ کے دوران قوم نے جس لازوال یکجہتی اور اتحاد کا مظاہرہ کیا، اس کی مثال نہیں ملتی۔ اسپیکر نے کہا کہ آج بھی ملک دشمن عناصر سازشوں میں مصروف ہیں اور دہشت گردی وانتہا پسندی کے ذریعے ملک میں بدامنی اور انتشار پھیلانے کی کوشش کررہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کی بہادر مسلح افواج اور قانون نافذ کرنے والے ادارے ملک سے دہشت گردی کے خاتمے کے لیے مسلسل برسر پیکار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے جوانوں اور افسروں نے ملک سے دہشتگردی کے ناسور کے خاتمے کے لیے لازوال قربانیاں دی ہیں۔ پوری قوم وطن کے دفاع، سلامتی اور امن کے قیام کے لیے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء کی مقروض اور احسان مند ہے اور انہیں یوم دفاع کے اس پروقار موقع پر خراجِ عقیدت پیش کرتی ہے۔ اسپیکر نے کہا کہ ملک سے دہشتگردی کے ناسور کے خاتمے کے لیے ستمبر 1965ء والے قومی جذبے اور اتحاد کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج کا دن 6 ستمبر کے شہداء اور غازیوں کو خراج عقیدت پیش کرنے کے ساتھ ساتھ اس عہد کی تجدید کا دن ہے کہ ہم ملک کی خاطر کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے اور باہمی اختلافات بھلا کر ملک کی سلامتی، دفاع اور ترقی کے لیے یکجا ہو کر اپنا کردار ادا کریں گے۔ اسپیکر نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ہم اپنے شہداء اور غازیوں کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کریں گے اور جس مقصد کے لیے انہوں نے قربانیاں دی تھیں، اسے ہمیشہ مقدم رکھیں گے۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے 6 ستمبر 1965ء کی پاک بھارت جنگ کے شہداء کے درجات کی بلندی اور ملک کی سلامتی، امن اور ترقی کے لیے دعا کی۔

بقیہ 43

سال عمر ہونے تک کی گئی ہے۔

بقیہ 44

چیئرپرسن شہلا رضا نے بھی حکومت سے کہا ہے کہ ترجیح بنیادوں پر ایم ڈی بیت المال کو تعینات کیا جائے۔ وزیراعظم کو اس معاملے پر نوٹس لینا چاہیے۔ اجلاس میں حکمران جماعت مسلم لیگ ن کے ممبر اسمبلی شیخ آفتاب احمد نے کہا کہ غریب لوگ ہسپتالوں کے اندر مر رہے ہیں۔ علاج معالجے کے لیے ان کے پاس پیسے نہیں ہیں۔ گزشتہ سات ماہ سے پاکستان بیت المال کا ایم ڈی تعینات نہیں ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ موذی امراض میں لوگ مبتلا ہیں اور علاج معالجے کے لیے پیسے نہیں ہیں۔ ہسپتالوں کے اندر سے میتوں اٹھائی جارہی ہیں۔ کئی ہزار گھروں کے کفیل جہان فانی سے رخصت ہوگئے ہیں۔ بنیادی وجہ یہ ہے کہ ان کے پاس علاج معالجے کے لیے پیسے نہیں ہیں اور پاکستان بیت المال کا ایم ڈی ابھی تک نہیں لگایا جا سکا ہے۔ مسلم لیگ نون کے مرکزی رہنما ممبر قومی اسمبلی ملک ابرار احمد خان نے پوائنٹ آف آرڈر پر گفتگو کرتے ہوئے کہا میں شیخ آفتاب احمد کے بیان کی مکمل حمایت کرتا ہوں۔ مہنگائی بیروزگاری اور بجلی کے اضافی بلوں نے لوگوں کا سانس لینا مشکل بنا دیا ہے۔ بہت سے کیسز میں ذاتی طور پر جانتا ہوں کہ لوگوں کے پاس علاج معالجے کے لیے پیسے نہیں ہیں لیکن گزشتہ کئی ماہ سے ایم ڈی بت المال کو تعینات نہیں کیا جا سکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کا یہ صوابدیدی اختیار ہے فوری طور پر ایم ڈی بیت المال کو تعینات کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ لوگ حکومت کو بد دعائیں دے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میرے ذاتی علم میں چند ایسے کیسز آئے ہیں کہ لوگ ہسپتالوں کے اندر مر گئے ہیں۔ مگر علاج معالجہ کے لیے ان کے پاس پیسے نہیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایم ڈی کی تعیناتی میں وزیراعظم کو ذاتی دلچسپی لینی چاہیے۔ بیت المال کا معاملہ براہ راست لوگوں سے جڑا ہوا۔ انہوں نے کہا کہ لوگوں کے معاشی حالت اتنے خراب ہیں کہ میں اسمبلی فلور پر بیان نہیں کر سکتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت فوری طور پر دلچسپی لیتے ہوئے ایم ڈی بیت المال مال کی تعیناتی کے احکامات جاری کریں۔

بقیہ 45

اسمبلی میں وقفہ سوالات کے دوران ڈاکٹر مہرین نواز بھٹو کے سوال کے جواب میں وفاقی وزیر جام کمال نے کہا کہ سی ایس جی پروموشن بورڈ کا اجلاس ابھی تک نہیں ہوسکا۔ یہ اجلاس جیسے ہی ہوگا پمز میں ایگزیکٹو ڈائریکٹر تعینات ہو جائیگا۔ پمز میں طبی سہولیات صرف ضروری فہرست میں شامل آئٹمز کے تحت دی جارہی ہے۔ بجٹ میں کمی کا مسئلہ ہے۔ کوئی بھی ایسا ادارہ نہیں ہے جہاں بے قاعدگی نہ ہو۔ محکمانہ آڈٹ کمیٹی میں اس معاملے کو دیکھا جائے گا۔ ہیلتھ کارڈز کو بھی پمز میں اس لئے بند کر دیا گیا تھا کیونکہ کچھ بے قاعدگیاں دیکھنے میں آئی تھیں۔ سٹیٹ لائف کے ساتھ بھی بات چیت چل رہی ہے۔ جیسے ہی یہ معاملات بہتر ہوتے ہیں ہیلتھ کارڈ بھی بحال کر دیا جائیگا۔ رائے حسن نواز کے ضمنی سوال کے جواب میں وفاقی وزیر جام کمال نے کہا کہ موجودہ حکومت عوامی سہولیات سیاسی بنیادوں پر ختم کرنے پر یقین نہیں رکھتی۔

بقیہ 46

گردی کیخلاف جنگ انمٹ قربانیاں دی ہیں، پاکستان ترکیہ کے درمیان برادرانہ تعلقات کو مضبوط سے مضبوط تر بنانا چاہتے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق ترکیہ کے سفیر ڈاکٹر مہمت پاچاجی نے وزارت داخلہ کا دورہ کیا اور وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے ملاقات کی جس میں پاکستان ترکیہ تعلقات و باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں رہنماؤں نے انسداد دہشت گردی، پولیس اور سول آرمڈ فورسز کے شعبوں میں تعاون، پاکستان ترکیہ کے درمیان پروازوں کی تعداد بڑھانے پر اتفاق کیا۔ ترک سفیر نے بلوچستان میں دہشت گردوں کے حملوں کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ کچھ عرصہ قبل ترکیہ کو بھی دہشت گردی کا سامنا تھا، ہم نے دہشتگردی پر قابو پایا اور اب حالات بہتر ہیں، انہوں نے انسداد دہشت گردی بارے پاکستان کو ہر ممکن تعاون کی پیشکش کی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ پاکستان نے بحیثیت قوم دہشت گردی کیخلاف جنگ میں انمٹ قربانیاں دی ہیں، پاک فوج، پولیس، رینجرز، ایف سی سمیت ہر طبقے نے خون دے کر اس جنگ میں تاریخ رقم کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ انسداد دہشت گردی کے حوالے سے ترکیہ کے تعاون کا خیر مقدم کریں گے۔

بقیہ 47

نے ستمبر میں پاکستان آنے کا اعلان کیا تھا۔ اس موقع پر جسٹس (ر) ثاقب نثار کا کہنا تھا کہ میں پاکستان واپس آ گیا ہوں، سوشل میڈیا پر الزامات جھوٹے ہیں، کوئی جواب نہیں دوں گا۔

بقیہ 48

ہوا۔ گزشتہ روز سینیٹ کمیٹی میں پی ٹی آئی کے سینیٹر سیف اللہ ابڑو اور پیپلز پارٹی کے سینیٹر شہادت اعوان کے درمیان لڑائی کا معاملہ ایوان میں اٹھادیا گیا۔ پیپلز پارٹی کے مسرور خان نے پی ٹی آئی کے سینیٹر سیف اللہ ابڑو کی مذمت کی۔ عرفان صدیقی نے کہا کہ ہم یہاں کسی ممبر کی مذمت نہیں کرتے، ایسا ہوگا تو یہ سلسلہ یہاں نہیں رکے گا۔ اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ اسٹینڈنگ کمیٹی میں اس طرح کے لفظ استعمال کرنے کی مذمت کرتے ہیں۔ سینیٹر شہادت اعوان نے کہا کہ یہ بکواس میرے لیے کی گئی ہے، ایک شخص جسے اپنے کردار کا پتہ ہے، یہ بدبودار شخص ہے، بدتمیز آدمی ہے، میری بے عزتی ہوئی ہے، ایجنٹ اور ٹاٹ ہے۔ سینیٹر شہادت اعوان اور سینیٹر سیف اللہ ابڑو کے درمیان پھر تلخ جملوں کا تبادلہ ہوا جس پر ایوان میں شور شرابہ ہوگیا۔ سینیٹر سیف اللہ ابڑو نے کہا کہ ایوان کی کمیٹی بنائیں جو اس معاملے کی تحقیقات کرے، اگر میں غلط ثابت ہوا، تو معافی مانگوں گا، اگر غلطی ثابت نہ ہوئی تو جن ارکان نے میری مذمت کی، وہ معافی مانگیں۔ لیڈر آف اپوزیشن اور حکومتی ارکان نے دونوں میں صلح کی کوشش کی۔ سینیٹر شہادت اعوان اور سینیٹر سیف اللہ ابڑو میں صلح کرادی گئی اور دونوں ممبران ایک دوسرے سے گلے ملے۔

بقیہ 49

جبکہ دیگر شہروں میں بھی جلسے کرنے کے حوالے سے منصوبہ بندی کرلی گئی ہے۔ پی ٹی آئی 12 ستمبر کو کے پی کے شہر کرک میں جلسہ کرے گی جبکہ لاہور میں 20 ستمبر کو جلسہ ہوگا۔ جلسوں کی تیاری کیلئے ایک کمیٹی بھی تشکیل دے دی گئی ہے۔

بقیہ 50

محفوظ فیصلہ سناتے ہوئے صارم برنی کی درخواست ضمانت مسترد کردی۔ کراچی سٹی کورٹ میں جوڈیشل مجسٹریٹ شرقی کی عدالت میں ملزم صارم برنی کی درخواست ضمانت پر سماعت ہوئی، عامر نواز وڑائچ ایڈووکیٹ نے موقف دیا کہ ایف آئی اے نے تاحال حتمی چالان جمع نہیں کروایا، عدالت نے بچوں کی کسٹڈی کی درخواست پر بھی کسٹڈی ٹرسٹ کو ہی دی ہے۔ وکیل نے مزید موقف اختیار کیا کہ ٹرسٹ کو حکومتی تحویل میں لینے کا فیصلہ بھی واپس لے لیا گیا ہے، متعلقہ والدین بھی بچوں سے متعلق کوئی دستاویز پیش نہیں کرسکے۔ عدالت نے ملزم صارم برنی کی درخواست ضمانت پر فیصلہ محفوظ کرلیا، جس کے بعد عدالت نے محفوظ فیصلہ سناتے ہوئے ملزم صارم برنی کی درخواست ضمانت مسترد کردی۔ یاد رہے کہ اس سے قبل بھی صارم برنی کی درخواست ضمانت مسترد ہوچکی ہے، ملزم صارم برنی اس وقت عدالتی ریمانڈ پر جیل میں ہیں۔

بقیہ 51

ایڈووکیٹ کی وساطت سے دائر درخواست میں موقف اپنایا گیا ہے کہ علی امین گنڈاپور کی مقدمے میں بریت کی درخواست زیر التواء ہے، گزشتہ روز جوڈیشل مجسٹریٹ نے خلاف قانون وارنٹ گرفتاری جاری کیے۔ استدعا ہے کہ وارنٹ گرفتاری جاری کرنے کے حکم نامے کیخلاف نظر ثانی منظور، ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری کو کالعدم قرار دیا جائے جبکہ جوڈیشل مجسٹریٹ کو علی امین کی بریت درخواست پر فیصلے کا حکم دیا جائے۔

بقیہ 52

02 لاکھ 85 ہزار سے زائد شہریوں، ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے افراد اور ڈرائیونگ لائسنس لرنر پرمٹ حاصل کرنے والے شہریوں کو روڈ سیفٹی اور ٹریفک قوانین کے بارے میں آگاہی دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس نے روڈ سیفٹی اور ٹریفک قوانین کے بارے میں آگاہی فراہم کرنے کے لئے اسلام آباد کے مختلف نجی و سرکاری تعلیمی اداروں، مختلف سرکاری وغیر سرکاری اداروں اور ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے افراد اور ڈرائیونگ لائسنس حاصل کرنے والے شہریوں کو خصوصی آگاہی فراہم کرنے کیلئے مہم کا آغاز کر رکھا ہے اسی سلسلے میں رواں سال کے دوران اسلام آباد پولیس کے ٹریفک ہیڈ کوارٹرز میں قانون شکنوں، ڈرائیونگ لرنر پرمٹ ہولڈرز اور دیگر اداروں میں 4 7 6 روڈ سیفٹی ورکشاپس کا انعقاد کیا گیا، جس میں 2 0 لاکھ 85 ہزار سے زائد شہریوں کو روڈ سیفٹی اور ٹریفک قوانین کے بارے میں آگاہی دی گئی تاکہ شہری گاڑی چلاتے وقت خود کو اور دوسروں کو محفوظ رکھ سکیں، اسلام آباد پولیس ایجوکیشن ونگ اپنی پیشہ وارانہ صلاحیتیں اور تمام تر وسائل کو بروئے کار لاکر شہریوں کو ٹریفک قوانین اور روڈ سیفٹی کے متعلق آگاہی فراہم کر رہا ہے، ان ورکشاپس کا بنیادی مقصد شہریوں کو لین ڈسپلن، دوران ڈرائیونگ موبائل فون سننے کے خطرات، سیٹ بیلٹ کے استعمال، ہیلمٹ کے بغیر موٹر سائیکل چلانے کے خطرات، سڑک استعمال کرنے والے دیگر افراد کے حقوق کا خیال رکھنا، زیبرا کراسنگ کا استعمال، تیز رفتاری کے خطرات، کالے شیشوں کی ممانعت، روڈ پر پیدل چلنے اور دیگر ٹریفک قوانین کے متعلق آگاہی فراہم کرنا ہے، اسلام آباد پولیس ایجوکیشن ونگ کی جانب سے آگاہی پمفلٹ بھی شہریوں کو دیے جارہے ہیں، شہریوں کی جانب سے اسلام آباد پولیس کے اس اقدام کو بہت سراہا گیا ہے اور ان کا کہنا ہے کہ اسلام آباد پولیس کا شہریوں کے لئے روڈ سیفٹی اور ٹریفک قوانین کے بارے میں آگاہی فراہم کرنا قابل ستائش ہے، ایس ایس پی ٹریفک محمد سرفراز ورک نے کہا کہ اسلام آباد پولیس کے افسران اپنی ڈیوٹی نہایت ایمانداری اور جانفشانی سے سرانجام دیتے ہوئے عوام کو ہر ممکن مدد فراہم کرتے ہیں، اسلام آباد پولیس کی جانب سے شہریوں کو ٹریفک قوانین اور روڈ سیفٹی آگاہی فراہم کرنا ایک احسن اقدام ہے، اس موقع پر شہریوں سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ قانون کی پاسداری کریں اور ایک ذمہ دار شہری ہونے کا ثبوت دیں۔

بقیہ 53

یاب ہوگئے جس کے بعد ان کا پی سی آر منفی آ گیا۔ ڈائریکٹر پبلک ہیلتھ ڈاکٹر ارشاد روغانی کے مطابق پولیس سروسز ہسپتال میں زیر علاج ایم پاکس کے تین مریض صحت یاب ہوگئے ہیں، صحت مند ہونے والے مریضوں کا تعلق پشاور، اورکزئی اور نوشہرہ سے ہے۔ تینوں مریضوں میں بیماری کی علامات ختم ہوچکی ہیں اور دوبارہ پی سی آر ٹیسٹ کے ذریعے ان کی کلیئرنس کی گئی ہے، متاثرہ افراد کو بروقت آئسولیٹ کیا گیا تھا جس کی وجہ سے مرض کی روک تھام ہوسکی ہے۔ اس ضمن میں وزیر صحت سید قاسم علی شاہ نے خیبر پختونخوا میں ایم پاکس سے متاثرہ تین مریضوں کی صحت یابی کا خیر مقدم کیا ہے۔ وزیر صحت قاسم علی شاہ نے کہا کہ محکمہ صحت نے قلیل عرصے میں ایم پاکس کے پھیلاؤ کو محدود کر دیا، پراونشل آؤٹ بریک ریسپانس کمیٹی کے تحت اٹھائے جانے والے ہنگامی اقدامات اس بابت لائق تحسین ہیں، ہماری روٹین امیونائزیشن بھی دو مہینے کے اندر اندر کافی بہتر ہوئی ہے۔

بقیہ 54

ماضی میں بھی اسے ہراساں کرتا تھا اور اس پر شادی کے لیے دباؤ ڈالتا تھا۔ مقتول خاتون کے والد جان محمد کی جانب سے پولیس اسٹیشن ٹوٹلائی بونیر میں درج کرائی گئی ایف آئی آر میں کہا گیا کہ ان کی بیٹی گورنمنٹ گرلز پرائمری اسکول، جنگدرہ میں بطور ٹیچر خدمات انجام دے رہی تھی۔ انہوں نے ایف آئی آر میں بتایا کہ میں خود اپنی 40 سالہ بیٹی نرگس کے ساتھ منگل کی صبح ڈیوٹی کے لیے اس کے اسکول جا رہا تھا، جب ہم لوہار سرائے کے علاقے میں پہنچے تو وہاں ایک سفید رنگ کی کار کھڑی تھی، اس میں سے دو مسلح افراد نکلے اور انہوں نے ان کی بیٹی پر اندھا دھند فائرنگ کردی جس سے وہ موقع پر ہی جاں بحق ہوگئی۔

اسلام آباد میں بغیر اجازت جلسے پر قید کی سزا کا بل سینیٹ سے منظور

جب سے یہ ہاؤس معرض وجود میں آیا تو رولز ریلکس ہوتے ہیں، اعظم نذیر تارڑ، پی ٹی آئی کا اسلام آباد میں ایک جلسہ ہونے جا رہا ہے، اسے روکنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ سینیٹر علی ظفر

آپ جہاں چاہیں جلسہ کریں، ہم تو انہیں سہولت دے رہے ہیں، ہم چاہتے ہیں لاکھوں لوگوں کے حقوق پامال نہ ہوں، سینیٹر عرفان صدیقی، آپ اپنی اتھارٹی کا غلط استعمال کر رہے ہیں، یہ قانون آپ کے گلے پڑے گا، شبلی فراز

اسلام آباد (اے ایف پی) سینیٹ اجلاس میں اپوزیشن کے شدید احتجاج کے دوران اسلام آباد میں پرامن اجتماع وامن عامہ بل 2024 کو کثرت رائے سے منظور کر لیا گیا۔ چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی کی زیر صدارت سینیٹ اجلاس کے دوران رپورٹ چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ فیصل سلیم نے پیش کی، سینیٹر عرفان صدیقی نے (بقیہ نمبر 2)

یوم دفاع پاکستان قوم کو متحد ہونے کے عزم کا دن ہے، رضوان احمد فکری

ہمیں ملکر ملک دشمن قوتوں کو شکست دینی ہے۔ پاکستان کی افواج ہمارا غرور ہیں۔ پوری قوم شانہ بشانہ ہے

چھ ستمبر اور گیارہ ستمبر سمیت تمام قومی دنوں کی تعطیلات بحال کی جائیں۔ ربیع الاول پر دو دن کی تعطیل دی جائے

کراچی (بیورو رپورٹ) آزاد رائٹرز فورم پاکستان کے صدر رضوان احمد فکری نے کہا ہے کہ یوم دفاع پاکستان ہماری پوری قوم کو متحد ہونے کے عزم کا دن ہے۔ ہمیں ملکر ملک دشمن قوتوں کو شکست دینی ہے۔ پاکستان کی افواج ہمارا غرور ہیں۔ پوری قوم شانہ بشانہ ہے۔ چھ ستمبر اور گیارہ ستمبر سمیت تمام قومی دنوں کی تعطیلات بحال کی جائیں۔ ربیع الاول پر دو دن کی تعطیل دی جائے۔ خصوصی دعاؤں کا بابرکت مہینہ شروع ہو گیا۔ فلسطین، کشمیر سمیت تمام مسلمانوں کے لئے دعائیں کی جائیں۔ درود شریف ہماری بقاء ہے۔ حضرت محمد ﷺ کا راستہ نجات کا راستہ ہے۔ انہوں نے تمام عالم اسلام اور سلسلہ ادریسیہ کے بھائیوں سے اپیل کی کہ درود شریف کا زیادہ ورد کریں۔ شیخ حافظ عبدالامین کی تعلیمات اور حضرت محمد ﷺ سے متعلق وظائف کو پڑھیں۔ دیگر سلسلے کے افراد بھی اپنے سلسلے پر عمل کریں۔ انشاء اللہ پیارے نبی ﷺ کی ولادت کا مہینہ ہم سب کے لئے بہت اچھا ثابت ہوگا۔ ملک بحران اور معاشی مسائل سے نکلے گا۔ فلسطینی مسلمانوں کی غیب سے مدد ہوگی وسیلہ حضرت محمد ﷺ کو بنا کر دعائیں کریں۔

ایک قوم بن کر ارض پاک کا دفاع ضروری ہے، قائد ملت جعفریہ

پاکستان کے دفاع کیلئے دی گئی قربانیاں اور خدمات قابل قدر ہیں، علامہ ساجد نقوی

اسلام آباد (اے ایف پی) قائد ملت جعفریہ پاکستان علامہ سید ساجد علی نقوی نے کہا ہے کہ پاکستان کی سلامتی اور خودمختاری کے دفاع کیلئے دی گئی قربانیاں اور خدمات قابل قدر ہیں' تمام پاکستانی وطن عزیز کی سلامتی' دفاع اور ملکی مفاد کو مقدم رکھتے ہوئے ایک (بقیہ نمبر 1)

موٹرویز پر اشیائے ضروریہ کی ناقص کوالٹی کا معاملہ قومی اسمبلی پہنچ گیا

موٹرویز اور ہائی ویز کے سروس ایریاز میں اشیا مہنگی ہونے کا نوٹس لیا جائے گا

اسلام آباد (اے ایف پی) موٹرویز اور ہائی ویز پر کھانے پینے کی اشیا کی ناقص کوالٹی اور قیمتوں کا معاملہ قومی اسمبلی پہنچ گیا۔ قومی اسمبلی اجلاس کے دوران موٹرویز اور قومی شاہراہوں کے سروس ایریاز پر کھانے پینے کی اشیا کی قیمتیں زیادہ وصول کئے جانے سے (بقیہ نمبر 3)

زندہ قومیں وطن کی خودمختاری اور سالمیت پر کبھی سمجھوتہ نہیں کرتیں، ڈاکٹر حمیرا طارق

قوموں کی تاریخ میں 6 ستمبر 1965 دفاع وطن کا شاندار مظاہرہ ہے، نازیہ توحید

یوم دفاع پاکستان کے موقع پر سیکرٹری جنرل جماعت اسلامی پاکستان ڈاکٹر حمیرا طارق اور ذمہ داران کا پیغام

لاہور (پ-ر) سیکرٹری جنرل جماعت اسلامی پاکستان ڈاکٹر حمیرا طارق، صدر وسطی پنجاب نازیہ توحید، صدر لاہور عظمیٰ عمران نے یوم دفاع پاکستان کے موقع پر ایک خصوصی پیغام میں مسلح افواج کی قربانیوں اور وطن کی دفاع میں ان کی بے پناہ خدمات اور بے لوث جذبے کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ یوم دفاع پاکستان، ہمیں یاد دلاتا ہے کہ وطن کا دفاع افواج پاکستان اور غیور عوام کے لیے پہلی ترجیح ہے۔ ہمیں اپنے وطن کی سلامتی اور خودمختاری کو برقرار رکھنے کے لئے اپنی فوج کی عظیم قربانیوں کو یاد رکھنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مکار دشمن نے رات کے اندھیرے میں حملہ کر کے اپنے بزدل ہونے کا ثبوت دیا مگر افواج پاکستان کی دیدہ دلیری اور مستعدی نے دفاع پاکستان کو ناقابل تسخیر بنا دیا۔ آج وطن عزیز اندرونی و بیرونی سازشوں میں گھرا محسوس ہوتا ہے۔ پھر سے وطن کے دفاع کو مضبوط بنانے کے لیے ہمیں بحثیت قوم 1965 والے اتحاد، عزم اور جذبے کی ضرورت ہے۔ وطن کی جغرافیائی سرحدوں کے ساتھ ساتھ وطن عزیز کی نظریاتی سرحدوں کو بھی مضبوط بنانا ہے انہوں نے مزید کہا کہ آج کا دن ہمیں وطن کے دفاع کو مضبوط اور ناقابل تسخیر بنانے کے لیے دعوت عمل دیتا ہے۔ تمام اہل (بقیہ نمبر 6)

صوبائی وزیر زراعت ولائیو سٹاک سید عاشق حسین کرمانی لاہور تحصیل کے مرکز برائے فراہمی وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کا معائنہ کر رہے ہیں

کان کنی کے شعبے سے وابستہ مزدوروں کی بہتری پر توجہ دی جائے، ماہرین

توانائی اور ماحولیاتی بحران پر قابو پانے کیلئے پاکستان کو طویل مدتی حکمت عملی کی ضرورت ہے

ایس ڈی پی آئی کے زیر اہتمام راؤنڈ ٹیبل مباحثہ سے، علی نواز ڈاکٹر مجید، فریحہ، اظہر لاشاری کا خطاب

اسلام آباد (نمائندہ آئیڈیل پاکستان) ماہرین نے ایک اعلیٰ سطح کی توانائی کانفرنس میں پالیسی سازوں پر زور دیا ہے کہ پاکستان کے لئے ایک واضح اور طویل مدتی توانائی کی حکمت عملی مرتب کی جائے کیونکہ توانائی اور ماحولیاتی بحران پر قابو پانے کیلئے پاکستان کو ایک واضح اور طویل مدتی حکمت عملی کی ضرورت ہے۔ ماہرین کا کہنا تھا کہ پاکستان کو کم کاربن کے اخراج اور تجدیدی توانائی (RE) کے منصوبوں میں مزید سرمایہ کاری پر توجہ دینا ہوگی۔ پالیسی ادارہ برائے پائیدار ترقی (SDPI) کے نیٹ ورک فار کلین انرجی ٹرانزیشن (NCET) نے پاکستان میں کوئلے کی انحصار کے سماجی اخراجات کا جائزہ کے عنوان سے ایک راؤنڈ ٹیبل مباحثہ کا انعقاد کیا۔ جس میں ماہرین اور پالیسی سازوں نے مل کر پاکستان کی توانائی کی موجودہ صورت حال اور کوئلے پر انحصار کے چیلنجز پر بات چیت کی۔ ایس ڈی پی آئی کے ہیڈ انرجی یونٹ، عبید الرحمان ضیاء نے گفتگو کا آغاز کرتے ہوئے کہا کہ کوئلہ توانائی کی پیداوار میں اہم کردار ادا کرتا (بقیہ نمبر 25)

چوبیس گھنٹوں کے دوران صوبہ بھر میں ڈینگی کے 17 کیسز رپورٹ

لاہور سے 02، راولپنڈی سے 14 اور قصور سے 01 ڈینگی کا ایک رپورٹ ہوا

لاہور (این این آئی) گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران صوبہ بھر میں ڈینگی کے 17 کیسز رپورٹ ہوئے، ترجمان محکمہ صحت کے مطابق ایک ہفتہ میں 92 کیسز جبکہ رواں سال اب تک ڈینگی کے 396 کیسز رپورٹ ہوئے۔ گزشتہ چوبیس (بقیہ نمبر 14)

ایس ایچ او عصمت عباس کی منشیات فروشوں کیخلاف جنگ جاری، تھانہ شہر سلطان

کارروائی کے دوران مشہور زمانہ منشیات فروشہ انیلہ سے 2.5 کلوگرام چرس برآمد، ملزمہ کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا گیا

منشیات جیسے زہر سے معاشرے کو محفوظ رکھنا ہمارا فرض ہے اور ڈی پی کی ہدایت پر ان کے خلاف آپریشن جاری ہے، ایس ایچ او عصمت عباس

جتوئی (نمائندہ آئیڈیل پاکستان کامران ملک) ڈی پی او مظفر گڑھ سید حسنین حیدر کی خصوصی ہدایت پر ایس ایچ او تھانہ شہر سلطان عصمت عباس کی اپنی ٹیم کے ہمراہ منشیات فروشوں کیخلاف جنگ جاری، کاروائی کے دوران مشہور زمانہ منشیات فروشہ انیلہ سے 2.5 کلوگرام چرس برآمد، ملزمہ کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا گیا ڈسٹرکٹ پولیس مظفر گڑھ سید حسنین حیدر کی خصوصی ہدایت پر عمل کرتے ہوئے ایس ایچ او تھانہ شہر سلطان عصمت عباس کی اپنی ٹیم کے ہمراہ منشیات فروشوں کے خلاف جنگ جاری۔ ایس ایچ او نے مخبر کی اطلاع پر [illegible] کو معاشرے سے ختم کرنے کیلئے عوام ہمارا ساتھ دیں [illegible]

پنجاب میں ملازمت کی کم از کم عمر 16 سال کرنے کا فیصلہ

کم از کم اجرت 37 ہزار روپے کے نفاذ کے لیے خصوصی ٹاسک فورس کے قیام کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے چائلڈ لیبر کی حوصلہ شکنی کے لیے ملازمت کی کم از کم عمر 16 سال کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزیر لیبر پنجاب فیصل ایوب کھوکھر کی (بقیہ نمبر 15)

[illegible]

بھارتی وزیر خارجہ کا کشمیر بارے بیان یکطرفہ

حق خودارادیت کا فیصلہ کشمیری عوام کریں گے، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (اے ایف پی) ترجمان دفتر خارجہ ممتاز زہرا بلوچ نے کہا ہے کہ بھارتی وزیر خارجہ جے شنکر کا کشمیر کے حوالے سے بیان [illegible] کشمیری عوام کریں گے، کشمیر کے مستقبل کا فیصلہ اقوام متحدہ کے قراردادوں (بقیہ نمبر 16)

حاصل پور چشتیاں روڈ پر تجاوزات، حادثات معمول بن گئے

حاصل پور چشتیاں روڈ اڈہ محمد پناہ موڑ پر ناجائز تجاوزات جاری تحریری درخواستوں کے باوجود کوئی عمل درآمد نہ ہو

سیاسی ٹاؤٹ صدیق عباسی نے ہائی وے کی جگہ پر تعمیرات کروا رکھی ہیں جنکا وہ کرایہ وصول کرتا ہے

اہل علاقہ محمد آصف، فیض احمد، ڈاکٹر خالد، محمد منظور، محمد رفیق، شہباز احمد، محمد سلیم، رشید، رضوان کا کارروائی کا مطالبہ

رانا جبار وغیرہ نے وزیر اعلیٰ پنجاب اور ایکسین ہائی وے فرخ ممتاز وڑائچ سے نوٹس لیکر تجاوزات کے خاتمے کا مطالبہ کیا ہے

[illegible]

قیام امن کیلئے دہشت گردی کیخلاف جنگ جاری رہے گی، صدر مملکت

صدر آصف زرداری لاہور پہنچ کر بلوچستان میں شہید ہونے والے کیپٹن احمد قریشی شہید کی رہائش گاہ بھی جائیں گے

صدر مملکت مسلم لیگ ن اور پیپلز پارٹی کے پاور شیئرنگ پر ہونے والے اجلاس کا جائزہ لیں گے

لاہور (اے ایف پی) صدر مملکت آصف علی زرداری دو روزہ دورے پر لاہور پہنچ گئے۔ صدر آصف زرداری لاہور پہنچ کر بلوچستان میں شہید ہونے والے کیپٹن احمد قریشی شہید کی رہائش گاہ بھی جائیں گے جب کہ شہید محمد علی قریشی کے اہل خانہ سے بھی ملاقات کریں گے۔ صدر پاکستان آصف علی زرداری لاہور میں مصروف ترین دن گزاریں گے اور صدر مملکت مسلم لیگ ن اور پیپلز (بقیہ نمبر 22)



صوبائی وزیر زراعت ولائیو سٹاک سید عاشق حسین کرمانی لاہور تحصیل کے مرکز برائے فراہمی وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کا معائنہ کر رہے ہیں

فیصل کریم کنڈی کو اب تک اپنے گورنر بننے پر یقین نہیں آ رہا، علی امین گنڈاپور

مجھ پر لگائے گئے بے بنیاد الزامات کا عدالت میں جواب دینا پڑے گا

ہم حق وسچ کیساتھ کھڑے ہیں، ملکی نظام مزید بے نقاب کریں گے، میڈیا سے گفتگو

پشاور (انٹرنیوز) وزیر اعلیٰ خیبرپختونخوا علی امین گنڈاپور نے کہا ہے کہ فیصل کریم کنڈی کو اب تک اپنے گورنر بننے پر یقین نہیں آ رہا، مجھ پر لگائے گئے بے بنیاد الزامات کا عدالت میں جواب دینا پڑے گا، ہم حق وسچ کیساتھ کھڑے ہیں، ملکی نظام مزید بے نقاب کریں گے۔ تفصیلات کے مطابق میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ (بقیہ نمبر 17)

خیبرپختونخوا، منکی پاکس کے تین مریض صحت یاب

متاثرہ افراد کو بروقت آئیسولیٹ کرنے سے مرض کی روک تھام ہوسکی

پشاور (انٹرنیوز) خیبرپختونخوا میں منکی پاکس کے تین مریض صحت یاب ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق خیبرپختونخوا کے ڈائریکٹر پبلک ہیلتھ ڈاکٹر ارشاد روغانی نے بتایا ہے کہ سروسز ہسپتال میں زیر علاج ایم پاکس کے تین مریض صحت یاب ہوگئے ہیں، صحت مند ہونیوالے مریضوں کا تعلق پشاور، اورکزئی اور نوشہرہ سے ہے، تینوں مریضوں میں بیماری کی (بقیہ نمبر 18)

شہداء کے خاندانوں کا عزم و حوصلہ لائق تحسین و تقلید ہے

1965ء کے معرکے نے ثابت کیا کہ غیور قوم ملک کی حفاظت کیلئے ہمہ وقت تیار ہے، شبیر میثمی

قوم اپنے نڈر و شجاع جوانوں کی لازوال قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرتی ہے، شیعہ رہنماء

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) شیعہ علماء کونسل پاکستان کے مرکزی سیکرٹری جنرل علامہ ڈاکٹر شبیر حسن میثمی نے یوم دفاع کے موقع پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ 6 ستمبر 1965 کے معرکے نے ثابت کیا کہ غیور قوم اپنی سرحدوں کی حفاظت کیلئے ہمہ وقت تیار ہے، 6 ستمبر کو مادر وطن کے بہادر بیٹوں نے جانوں کا نذرانہ پیش کر کے پاک سرزمین کا دفاع ناقابل تسخیر بنایا، 6 ستمبر کا دن ہمیں یاد دلاتا ہے کہ ہم اپنے بہادر جوانوں کی شجاعت کا بھرم اور شہدا کے خون کی لاج رکھیں، آج پوری قوم اپنے نڈر و شجاع جوانوں کی لازوال قربانیوں کو خراج عقیدت و سلام پیش کرتی ہے، شہدا کے خاندانوں کا عزم و حوصلہ لائق تحسین و تقلید ہے، انہوں نے کہا کہ پوری پاکستانی قوم اور افواج (بقیہ نمبر 26)

لوکل گورنمنٹ کی جانب سے ضلع کی تمام یونین کونسلوں میں صفائی آپریشن جاری

ڈپٹی کمشنر محمد عمیر کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر جھنگ عمران رفیق نے مختلف یونین کونسلوں کا دورہ کیا

اسسٹنٹ کمشنر نے یونین کونسل حسنانہ میں ماڈل ولیج کا بھی دورہ کیا اور گھروں اور گلیوں کو نمبر لگانے، ڈسٹ بن اور دیگر صفائی کے حوالے سے جائزہ لیا

جھنگ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات پر ستھرا پنجاب مہم پر عملدرآمد جاری ہے۔ لوکل گورنمنٹ کی جانب سے ضلع کی تمام یونین کونسلوں میں صفائی آپریشن جاری ہے۔ ڈپٹی کمشنر محمد عمیر کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر جھنگ عمران رفیق نے مختلف یونین کونسلوں کا دورہ کیا اور ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ سے صفائی ستھرائی کے حوالے سے بریفنگ لی۔ اسسٹنٹ (بقیہ نمبر 4)

یونیورسٹی آف ایجوکیشن کے پرو وائس چانسلر کو عہدے سے ہٹا دیا گیا

ننکانہ صاحب یونیورسٹی کے وائس چانسلر ڈاکٹر محمد افضل کو اضافی چارج سونپ دیا گیا

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب نے یونیورسٹی آف ایجوکیشن کے پرو وائس چانسلر پروفیسر عالم سعید کو عہدے سے ہٹا دیا، پروفیسر عالم سعید سے وائس چانسلر کا ایڈیشنل چارج بھی واپس لے لیا گیا۔ پروفیسر عالم سعید یونیورسٹی میں شعبہ ڈویژن آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے ڈائریکٹر بھی ہیں، وائس چانسلر کے خلاف کارروائی 13/9 اور سیکشن 10/7 کے تحت کی گئی۔ گورنر پنجاب کی جانب سے کارروائی کے بعد ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ نے نوٹیفکیشن جاری کر دیا جبکہ ننکانہ صاحب یونیورسٹی کے وائس چانسلر ڈاکٹر محمد افضل کو اضافی چارج سونپ دیا گیا ہے۔

جھنگ: ڈپٹی کمشنر محمد عمیر پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

پنجاب میں تیزاب کی فروخت کیلئے لائسنس متعارف کروانے کا فیصلہ

تیزاب کے کسی بھی بیوپاری کو لائسنسنگ اتھارٹی سے اجازت نامہ لینا ہوگا، متعلقہ ضلع کا ڈی سی اتھارٹی ہوگا

قانون کے نفاذ کے 120 دن کے اندر لائسنس نہ لینے والوں کو بھاری جرمانہ اور سزا ہوگی، 18 سال سے کم عمر نہیں خرید سکیں گے

لاہور (این این آئی) پنجاب ایسڈ کنٹرول بل پنجاب اسمبلی سیکرٹریٹ میں جمع کرا دیا گیا۔ چیئرپرسن پنجاب وومن پروٹیکشن اتھارٹی حنا بٹ نے بل پنجاب اسمبلی سیکرٹریٹ میں جمع کروایا۔ حنا پرویز بٹ کے مطابق بل انٹیٹیو فار سسٹین ایبل ڈویلپمنٹ کے تعاون سے بنایا گیا ہے، بل کا مقصد تیزاب گردی کے سدباب کیلئے تیزاب کی خرید وفروخت کو منظم کرنا ہے، منظوری کے بعد بل فوری طور پر پورے پنجاب (بقیہ نمبر 23)

پرائس کنٹرول مجسٹریٹس فیلڈ انسپکشنز بڑھائیں، ڈپٹی کمشنر جھنگ

ریٹ لسٹ آویزاں نہ ہونے اور اوور چارجنگ پر بھاری جرمانے عائد کئے جائیں

جھنگ (سید ساغر حسین) ڈپٹی کمشنر محمد عمیر نے پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے حوالہ سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنرز و پرائس کنٹرول مجسٹریٹس سمیت دیگر متعلقہ ضلعی افسران بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے ناقص کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے پرائس کنٹرول مجسٹریٹس پر اظہار برہمی کیا اور (بقیہ نمبر 19)

جھنگ: خواندگی کے عالمی دن کے حوالے سے محکمہ لٹریسی کے زیر اہتمام ضلع کونسل میں منعقدہ سیمینار میں اسسٹنٹ کمشنر عمران رفیق و دیگر شریک ہیں۔

پنجاب بھر میں اپنی چھت اپنا گھر پروگرام کی قرعہ اندازی

وزیر اعلیٰ مریم نواز نے کمشنر آفس ڈی جی خان میں صوبائی وزراء، ارکان اسمبلی اور عمائدین کی موجودگی میں اپنی چھت اپنا گھر پروگرام کی قرعہ اندازی کی

ڈی جی خان میں ہونیوالی قرعہ اندازی میں پہلا نام عبداللطیف نامی شہری کا نکلا، کامیاب افراد کو 15 ستمبر تک قرض کی پہلی قسط مل جائے گی

وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی اپنی چھت اپنا گھر پروگرام کی قرعہ اندازی میں کامیاب افراد کو مبارکباد

قرعہ اندازی میں کامیاب افراد کو 15 لاکھ تک قرض لینے پر 7 سال میں 14 ہزار روپے ماہانہ کی قسط ادا کرنی ہوگی

اپنی چھت اپنا گھر پروگرام پاکستان کا سب سے بڑا پراجیکٹ ثابت ہوگا: وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف

لاہور (نمائندہ خصوصی) اپنی چھت۔۔۔ اپنا گھر پروگرام کے لئے تمام اضلاع میں قرعہ اندازی، وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے ڈیرہ غازیخان میں قرعہ اندازی کر کے اپنی چھت اپنا گھر پروگرام کا باقاعدہ آغاز کر دیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے صوبائی وزرا، ارکان اسمبلی، ٹکٹ ہولڈرز اور مقامی عمائدین کی موجودگی میں قرعہ اندازی کے لئے بٹن دبایا۔ ڈیرہ غازی خان میں اپنی چھت۔۔۔ (بقیہ نمبر 11)

سبزی اور پھلوں کی فروخت یقینی بنائی جائے، عمران رفیق

اسسٹنٹ کمشنر کا سیکرٹری مارکیٹ کمیٹی کے ہمراہ علی الصبح سبزی و پھل منڈی کا دورہ

جھنگ (سید ساغر حسین) ڈپٹی کمشنر محمد عمیر کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر عمران رفیق نے سیکرٹری مارکیٹ کمیٹی کے ہمراہ علی الصبح سبزی و پھل منڈی کا دورہ کیا اور مختلف شیڈز میں پھلوں اور سبزیوں کی نیلامی کے عمل کی مانیٹرنگ کی اور اپنی نگرانی میں مختلف سبزیوں کی بولی کروائی۔ انہوں نے ہدایت کی کہ نیلامی کا عمل شفاف اور طے شدہ طریقے کے مطابق ہونا (بقیہ نمبر 20)

جھنگ: اسسٹنٹ کمشنر عمران رفیق سبزی و پھل منڈی میں پھلوں اور سبزیوں کی نیلامی کے عمل کی مانیٹرنگ کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ کمیٹی کا اجلاس

ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ سید نوید اقبال نے منصوبوں کی اہمیت وافادیت پر بریفنگ دی، تین ترقیاتی سکیموں پر عملدرآمد کی منظوری

اہم شاہراہوں کی تعمیر اور مرمت وبحالی سے شہریوں کو آمدورفت کی معیاری سفری سہولیات میسر آئیں گی

فیصل آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ کمیٹی کا اہم اجلاس ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر کی صدارت میں منعقد ہوا جس میں ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ سید نوید اقبال نے منصوبوں کی اہمیت وافادیت پر بریفنگ دی۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس اینڈ پلاننگ احمد سلیم چشتی اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔ اجلاس میں تین ترقیاتی سکیموں پر عملدرآمد کی منظوری دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق 9 کروڑ 80 لاکھ روپے کی لاگت سے فیصل آباد جڑانوالہ روڈ کی طرف سے چک 104 گ۔ب براستہ چک 107 گ۔ب، 106 (بقیہ نمبر 5)

بینظیر انکم سپورٹ پروگرام نے پاکستان کی غریب خواتین کو شناخت دی

ملک بھر کی مستحق خواتین کی معاشی بااختیاری میں بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے کردار بہت اہم ہے، سینیٹر روبینہ خالد

بینظیر انکم سپورٹ پروگرام پاکستان کا سب سے بڑا سماجی تحفظ کا پروگرام ہے، چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام

اسلام آباد (چیف رپورٹر) چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد نے کہا ہے کہ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام پاکستان کا سب سے بڑا سماجی تحفظ کا پروگرام ہے۔ اس پروگرام کی بنیاد شہید محترمہ بینظیر بھٹو نے رکھی اور صدر پاکستان آصف علی زرداری نے 2008 میں اسے عملہ جامع پہنایا۔ اس پروگرام کی بدولت پاکستان کی غریب خواتین کو شناخت ملی۔ ملک بھر کی مستحق خواتین کی معاشی بااختیاری میں بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے کردار بہت اہم ہے۔ ان خیالات کا اظہار سینیٹر روبینہ خالد نے بی آئی ایس پی ہیڈ کوارٹرز میں منعقدہ میڈیا بریفنگ کے دوران کیا۔ سینیٹر روبینہ خالد نے کہا کہ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے حوالے یہ منفی تاثر ہے کہ اس پروگرام کے ذریعے غریب عوام کو بھکاری بنایا جا رہا ہے جبکہ دنیا بھر اس نوعیت کے سماجی تحفظ کے پروگرام موجود ہیں۔ غریب افراد کی مدد ریاست کی ذمہ داری ہے۔

اسلام آباد میں بغیر اجازت جلسے پر سزا کا بل حکومتی بدنیتی ہے، شبلی فراز

بل پی ٹی آئی جلسے کو نشانہ بنانے کیلئے بنایا گیا، حکومت اتھارٹی کا غلط استعمال کر رہی، بل ان کے گلے پڑے گا

اسلام آباد (انٹرنیوز) سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر سینیٹر شبلی فراز نے اسلام آباد میں بغیر اجازت جلسے پر سزا کے بل کو حکومت کی بدنیتی قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ بل پی ٹی آئی جلسے کو نشانہ بنانے کیلئے بنایا گیا، حکومت اتھارٹی کا غلط استعمال کر رہی ہے، بل ان کے گلے پڑے گا۔ تفصیلات کے مطابق سینیٹ اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے اپوزیشن لیڈر (بقیہ نمبر 21)

نجی بینک پاکستان کیلئے 1 ارب ڈالر قرض بحالی پر رضامند

اسلامک ٹریڈ فنانس کارپوریشن سے 40 کروڑ ڈالر قرض کموڈیٹی خریداری کیلئے لیا جائے گا' ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے اسلامک ٹریڈ فنانس کارپوریشن، آئی ڈی بی اور ایس سی بینک سے 1.75 ارب ڈالر قرض کی درخواست کر دی۔ ذرائع کے مطابق آئی ٹی ایف سی، آئی ڈی بی اور ایس سی بینک سے کموڈیٹی اور کمرشل قرض حصول کیلئے درخواست کی گئی ہے، اسلامک ٹریڈ فنانس کارپوریشن سے 40 کروڑ ڈالر قرض کموڈیٹی خریداری کیلئے لیا جائے گا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اسلامک ڈویلپمنٹ بینک سے 35 کروڑ ڈالر پراجیکٹ فنانسنگ کیلئے مانگا گیا ہے جبکہ سٹینڈرڈ چارٹرڈ سے 1 ارب ڈالر انفراسٹرکچر ڈویلپمنٹ و دیگر سورسز کی مد میں لیا جائے گا۔ ان کمرشل بینکوں سے قرض لانگ ٹرم کیلئے تقریباً 5 فیصد شرح سود پر لیا جا سکتا ہے، آئی ایم ایف کیساتھ قرض منظوری (بقیہ نمبر 27)

پبلشر وچیف ایڈیٹر ساجد مصطفیٰ جتوئی نے کرن ذوالفقار پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر دفتر روزنامہ آئیڈیل پاکستان ہجویری آرکیڈ چوک کچہری ملتان سے شائع کیا 0333-9233351